

کلام اقبالؒ میں عکس قرآن

Qur'anic Reflections in Iqbal's Poetry

مولف:

انجینئر عبدالحکیم ملک

IRF GLOBAL

اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن گلوبل

http://www.irfglobal.com

e-mail : irfg@live.com



کلام اقبالؒ میں عکس قرآن

Qur'anic Reflections in Iqbal's Poetry

مولف:
انجینئر عبدالحکیم ملک

IRF GLOBAL
اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن گلوبل
http://www.irfglobal.com
e-mail : irfg@live.com

کلامِ اقبال میں عکسِ قرآن

انجینئر عبدالحکیم ملک

اشاعت باراول 2017ء
انٹرنیشنل سٹینڈرڈ بک نمبر ISBN 969-8341-02-1

اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن گلوبل
26- ویسٹرن فورٹ کالونی ملتان کینٹ پوسٹ کوڈ 60050 (پنجاب) پاکستان
16034 _99B ایونیو۔ سرے (بی سی) برٹش کولمبیا V4N-2J6 کینیڈا

ناشر
عامر پبلیکیشنز
9 رحیم آباد۔علی پور روڈ ۔مظفر گڑھ ۔ پوسٹ کوڈ 34200 پاکستان
+92-335-686-2303

QUR`ANIC REFLECTIONS IN IQBAL`S POETRY

by: Engr. Abdul Hakeem Malik

First Edition 2017

International Standard Book Number ISBN 969-8341-03-1

PUBLISHER
AAMIR PUBLICATIONS
9, Rahimabad Ali Pur Road, Muzaffargarh. Post Code 3400 Punjab Paksitan
+92 335-686-2303

ISLAMIC RESEARCH FOUNDATION GLOBAL
26-Westren Fort Colony, Multan Cantt 60050. Punjab - Pakistan
16034 99B Ave, Surrey,BC V4N 2J6 Canada
Cellular : +92-321-686-2303 +92-300-963-0882
E mail : irfg@live.com info.irfg@gmail.com irfglobal@yahoo.com
Website: http://www.irfglobal.com

معنون

اپنے واجب التعظیم (مرحوم ومغفور) والدین کے نام

میری زندگی کی ہر کامیابی جن کی دعاؤں کی مرہون منت ہے۔
اور جن کے طفیل "کلامِ اقبال میں عکسِ قرآن" کی تکمیل ممکن ہوئی
اگر انکی زندگی نے ساتھ دیا ہوتا تو آج وہ اس کاوش کو دیکھ کر
یقیناً مسرور ہوتے

رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿٢٤﴾ ﴿١٧ بنی اسرائیل ٢٤﴾

"اے میرے پروردگار! ان کے حال پر ایسی رحمت فرما
جیسے انہوں نے بچپن میں شفقت سے میری پرورش کی"

Inscribed to,

My Venerable Parents,

Whose Prayers have always buoyed me up, and enabled me to accomplish this endeavour, they would certainly have relished if they had a time for it.

O` my Sustainer ! Bestow Your Mercy upon them, even as they cherished and reared me, when I was child

. (17:24) Holy Quran

انتساب

میں اپنی رفیق حیات رابعہ ملک کا زندگی کے طویل عرصہ پر محیط شبانہ رزو قلمی و تحقیقی سرگرمیوں میں ہمہ وقت پرُ خلوص تعاون کا معترف ہوں، اور اپنی اولادِ سعید، ناصر ملک خضر ملک، عطیہ تھانوی، سعدیہ ملک، آسیہ ملک اور عامر ملک کے تعاون کا بھی، جو ہمیشہ میری حوصلہ افزائی کا باعث بنا۔ اللہ تعالیٰ کے حضور دست بدعا ہوں کہ وہ میری اولاد کو بھی دین اسلام کی خدمت کے لئے قبول فرمائے تا کہ وہ میرے قرآنی تعلیمات کی آسان فہمی اور فروغ کے مشن کو میری زندگی کے بعد بھی جاری رکھ سکیں۔

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۲ البقرة ۱۲۸﴾

اے پروردگار ہم کو اپنا فرمان بردار بنا لے اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک گروہ کو اپنا اطاعت گزار رکھ اور (پروردگار) ہمیں اپنی عبادات کے طریقے سکھا۔ اور ہمارے حال پر (رحم کے ساتھ) توجہ فرما۔ بے شک تو توجہ فرمانے والا مہربان ہے (128:2)

Dedicated to:

My beloved spouse Rabia Malik who has the patience of a saint since she put up with me for a long time while I followed my intellectual pursuits and to my loving children Naasir, Khizir, Attiya, Sadiya, Aasea & Aamir Malik for always making me smile and becoming a source of my encouragement.

At the same time I beseech Almighty Allah SWT to Bestow His favour over my progeny so that they may continue the endeavour of spreading His Words even after my me. Aameen.

Our Lord! Make us submissive to You and of our offspring a nation (of Muslims) submissive to You, and show us (Your) ways of worship, and relent towards us. You, only You, are the Relenting, the Merciful. (2:128) Holy Quran

فہرست مندرجات کلامِ اقبال میں عکسِ قرآن

پیش لفظ

کلامِ اقبالؒ کو خود سمجھنا اور پھر دوسروں کو اقبال شناسی میں مدد دینا ایک بہت بڑا کام ہے جبکہ اس لئے بندہ ناچیز اپنے آپ کو علامہ اقبالؒ کے کلامِ و پیام کے رمز آشناء اور اداشناس اصحاب علم کی صف میں شمولیت کے قابل نہیں سمجھتا لیکن ربِ تعالیٰ جس سے جو کام لینا چاہیں، لے سکتے ہیں اور اس کے لئے ضروری جذبہ اور ہمت بھی خود پیدا فرما دیتے ہیں۔ بس کچھ اسی طرح کا کرم ذاتِ باری تعالیٰ نے میرے ساتھ فرمایا۔

آج سے دو عشرہ قبل اپنی تالیف 'منشور قرآن' کے نئے ایڈیشن پر نظر ثانی کرتے ہوئے مجھے معاً خیال آیا کہ کلام اقبالؒ میں بہت سی جگہوں پر عکسِ قرآن دکھائی دیتا ہے اس کا ذکر میں نے اپنی بیٹی عطیہ ملک سے کیا جو اُس وقت انگریزی ادب میں ماسٹرز کر رہی تھی، اُس نے میرے خیال کو نہ صرف سراہا بلکہ اس حوالے سے میں تحقیق و تبویب کے ضمن میں اپنی معاونت پر آمادگی کا اظہار کیا اور یوں اس کام کی ابتداء ہوئی۔ میری بیٹی عطیہ ملک تو کچھ عرصہ بعد ہی برطانیہ سدھار گئیں اور وہیں مقیم ہوئیں مگر ہمارا خواب تعبیر کے مراحل طے کرتا رہا۔

کلام اقبالؒ کے مطالعہ سے محسوس ہوا کہ جس طرح سورج مکھی کا پھول اپنی جولانی کے لئے سورج کا تعاقب کرتا رہتا ہے۔ اسی طرح دانائے راز علامہ اقبالؒ اپنی رہنمائی کے لئے اپنے خالقِ حقیقی کی جانب نظریں لگائے نظر آتے ہیں۔ وہ کائنات کی وسعتوں کو اللہ تعالیٰ کے کلام (قرآن مجید) کی آیات میں تلاش کرتے نظر آتے ہیں۔ حکیم الامت علامہ اقبالؒ نے اپنی شاعری اور ایمان افروز پیغامات سے مسلمانان عالم کو بالعموم اور مسلمانان برصغیر کو بالخصوص خواب غفلت سے جگایا۔ وہ یقیناً ایک آفاقی شاعر تھے انہوں نے اپنی شاعری سے جن پوشیدہ رازوں کو آشکار کیا۔ اُمت مسلمہ کو اپنے افکار سے شعورِ زندگی بخشا اور جدوجہد کی راہ متعین کی۔

عموماً ایک فلسفی کے فکر اور شاعر کے فکر میں بڑا فرق ہوتا ہے فلسفی دماغ پر دستک دیتا ہے جبکہ شاعر دلوں کے جوش کو اُبھارتا ہے مگر مرد خود بیں و خود آگاہ علامہ اقبالؒ کے ہاں فکری گہرائی بھی اور فنی رعنائی بھی ملتی ہے چنانچہ جب ہم ان کی شاعری کا مطالعہ کرتے ہیں تو ان کی فکری گہرائیوں میں ڈوب جاتے ہیں۔ خواں آپ بالِ جبریئل پڑھ رہے ہوں یا ضرب کلیم، آپ کے زیر مطالعہ بانگ درا ہو یا ارمغان حجاز آپ محسوس کریں گے کہ مفکر ملت علامہ اقبالؒ کی دور بین نگائیں کیا دیکھ رہی ہیں۔ جس سے یہ حقیقت روز روشن کی طرح عیاں ہوتی ہے کہ اگر کوئی شخص بیک وقت معلم، فلسفی اور شاعر ہو سکتا ہے اور جس کی نگاہ بلند، سخن دلنواز اور جاں پرسوز ہو تو وہ شاعر مشرق علامہ اقبالؒ کی ذات ہی ہے ۔

یہ عشقِ رسول کریم کا فیضان تھا جس نے اقبالؒ کے کلام کو گراں قدر اور لازوال بنا دیا، اقبالؒ جہاں خداوند کریم کی حمد کرتے ہیں اس کا دل رسول کریم کی محبت سے سرشار اور بے قرار نظر آتا ہے جہاں وہ اسلام کی عظمت رفتہ پر آنسو بہاتے ہیں اور تاریخ اسلام کے عروج و زوال پر نظر ڈالتے ہیں وہ اسلامی نظام حیات میں گھلتے نظر آتے ہیں جہاں وہ مومن کے جلال و جمال کے ترانے گاتے ہیں اور اسلام کے مستقبل سے پُر امید نظر آتے ہیں۔

میری ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ کسی موضوع پر فکر و تحقیق کو اُس منزل سے آگے بڑھانے کی سعی کی جائے جہاں تک اس سے پہلے کام ہو چکا ہے کیونکہ میرے نزدیک اُسی نوع کے کام کو دہرانا محض وقت کے ضیاع کے ساتھ ساتھ تحقیق کے مروجہ قاعدوں کے منافی اور قارئین کے لئے لاحاصل بھی ہوتا ہے۔

کلامِ اقبالؒ میں عکسِ قرآن کی تیاری میں موضوع اشعار کا انتخاب اور متعلقہ آیات قرآنی کی تلاش یقیناً ایک محنت طلب کام ثابت ہوا، یہ کتاب علامہ اقبالؒ کی اُردو شاعری سے ایسے منتخب اشعار کا مجموعہ ہے جس میں علامہ نے یا تو قرآنی آیات کے الفاظ کو من و عن استعمال کیا یا پھر کسی بھی آیت قرآنی کے بالواسطہ معانی یا تصور سے جوڑا ہے۔ قارئین کی سہولت کے لئے متعلقہ آیات کا مکمل عربی متن، اُردو اور انگریزی تراجم میں متعلقہ سورۃ اور آیت کا حوالہ ساتھ درج کر دیا گیا ہے اور صفحہ کے آخر میں کلامِ اقبالؒ کے ساتھ بالواسطہ یا بلاواسطہ منطبق ہونے والی قرآنی آیات کو مزید حوالہ جات کے طور پر بھی پیش کر دیا گیا ہے۔

اقبالیات پر جس قدر پر کام ہو چکا ہے شاید ہی کی کسی دوسرے شاعر کے کلام کو یہ شرف نصیب ہوا ہو۔ مگر اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ کلام اقبالؒ پر قرآن کریم کے حوالے سے تحقیقی کام کو مناسب اہمیت نہیں دی گئی۔ اُمید ہے کہ یہ کتاب اقبالیات میں ایک نئی جہت کا اضافہ ثابت ہوگی۔ میں نہایت انکساری سے اللہ تعالیٰ کے حضور دست بدعا ہوں کہ وہ میری اس خدمت کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت بخشے اور قارئین کے لئے اسے اپنے کلام (قرآن کریم) کی محبت و تفہیم اور کلام اقبالؒ کی روح تک رسائی کا ایک وسیلہ بنا دے۔ آمین

بندہ ضعیف، محتاج لطف خداوندی
مولف: عبدالحکیم ملک

ویسٹرن فورٹ کالونی ملتان کینٹ
01 ستمبر 2017ء جمعۃ المبارک بمطابق 9 ذی الحجہ 1438 ہجری

Foreword

The Quranic Reflections in Iqbal's poetry is an interesting read for those who appreciate Iqbal's poetry; for those who appreciate his theological theories and for those who respect him as a sufi.

The idea started taking shape in 1997 when I was working for my father Abdul Hakeem Malik's amazing compilation "Quranic prism"; my job included simplifying the language and reading various tafaseer to understand the meaning in order to work out the simpler replacement diction for today's man. Working long hours; being a student of literature, occasionally I would stumble upon some content in Quran that would seem to reflect in Iqbal's poetry, after a few accidental finds, we started looking more into it and found out that indeed plenty of our National poet Iqbals poetry is inspired by ayahs (Verses) in Holy Quran. My father saw a few more books that were of the same subject but language barrier was a big thing and at times we found that essence of either ayah or the verse of Iqbal couldn't be totally understood when put together. So in order to avoid "lost in translation" effect my father and I decided that there should be a work which overcomes that problem. So in this book we juxtapose not only the original Quranic ayat but English as well as Urdu translation of the related ayah.

I feel less than deserving to write the preface of this book as after our initial scrap work, a rough notebook with references I left for UK and never saw the work through. Whereas my father Abdul Hakeem Malik not only compiled amazing Quran Atlases, revised editions of Quranic Prism but also continued work on this brainchild. After about 12 years off and on work this book is in your hands in the most accomplished form.

This book can be approached in various ways depending on what interests you the most; some will see the ayah and wonder how Iqbal portrayed it in verse form, some will wonder about Iqbal's verse and look for the ayah which originated the idea. Either way I hope it gives you as much pleasure as it gives us sense of satisfaction Alhamdulillah.

No doubt many books on Iqbal in English have appeared, even by his English professors and men of learning and knowledge, but unfortunately their focus was never Islam or Quran. They highlighted Iqbal's works with reference to his critiques on Socialism, Capitalism, Marxism being the issue of that era. Various Muslim Scholars have also worked on Quranic Concepts and Holy Prophetic Reverence in Iqbal's mind, but these are seen either in Urdu in the Sub Continent and in Persian in Iran. This was also why this work is unique on the subject being in Bilingual format (both in Urdu n English) with original Holy Quranic text in Arabic to facilitate the readers all over the world. It goes with the agenda of "Islamic Research Foundation Global"works that the work is original in concept and timeless in approach.

We realize that this abridged format of the book is far beyond the Vista of Iqbal but we plan to enhance it from time to time and extend it to Persian Kalam of Iqbal which Iqbal himself was very proud of.

I am indebted to my father for every step I take. May he be of highest ranks in my Allah's eyes. Amen

Attiya Thanvi
Director & Co-Researcher IRF Global
Glebelands, London East - UK

27th May 2017 AD-
01 Ramdhan ul Mubark 1438 AH

* Attiya Thanvi
Writer, Academic, Social Activist
Principal "Marvelous Mentors" London
Research Associate, :IRF Global" Canada.
MA (Applied Linguistics), University of Central London (UCL)
MA (Eng Lit) BZ University, Multan.

تلمیحاتِ اقبال کی قرآنی تعبیر، مئولف کی عرق ریزی کا ثمر

انجینئر عبدالحکیم ملک علم، لگن اور توازن کی چند بہترین مثالوں میں سے ہیں۔ وہ اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن گلوبل کے تحت حیرت انگیز کام کر رہے ہیں۔ وہ ملتان کے دریائے چناب کے دوسرے کنارے پر آباد مظفر گڑھ کے رہنے والے ہیں اس لئے اُن کا انکسار اور مٹھاس مجھے چونکاتا نہیں بلکہ اپنائیت پیدا کرتا ہے۔ یہ میری کم قسمتی ہے کہ میں اُن سے اپنی ریٹائرمنٹ (۲۰۰۷ء) کے بعد متعارف ہوا۔ جب میں اپنے پسندیدہ شاعر غالب کی طرح ۷۲ بہتر برس جینا چاہتا تھا، اور کچھ مزید کتابیں لکھنا چاہتا تھا۔ مجھے تواتر سے عبدالحکیم ملک صاحب کی کتب ملتی رہیں، اُن کے موضوعات ایسے تھے کہ مجھے لگتا تھا کہ کسی شخص یا ادارے نے اُنہیں میری اصلاح پر مامور کیا ہے۔ میں اُن کی اِن کتب کا سرسری مطالعہ کر سکا کیونکہ میں ہر شہر اور ملک میں عملاً پا بہ رکاب تھا اس لئے وہاں سے چلتے ہوئے اُن کے کتاب خانوں کو اپنی مختصر لائبریری بھی نذر کر دیتا جن میں ملک صاحب کی کتب بھی شامل ہیں۔ اس لئے اُن کے روبرو میں ہمیشہ خود کو نادہندہ خیال کرتا رہا مگر اُن میں سب سے بڑی خوبی یہی ہے کہ وہ انسانی کمزوریوں سے درگزر کرتے ہیں اس لئے دوستوں اور مداحوں کو عزیز تر ہو جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب انہوں نے اپنی نئی کتاب "کلام اقبال میں عکس قرآن" کے لئے چند سطریں لکھنے کو کہا تو مجھ پر رقت طاری ہوگئی اور اسی عالم میں مَیں نے یہ سوچے بغیر کہ میں اس موضوع پر لکھنے کا کوئی استحقاق بھی رکھتا ہوں یا نہیں اور خاص طور پر ملک صاحب کے مشن سے متعلق بھی میری معلومات سرسری ہیں مگر آج ٹیکنالوجی کی دُنیا میں اس طرح جگہ جگہ روشنی کے مراکز قائم کر دیئے ہیں کہ آپ اُن ملکوں اور اُن کتاب خانوں میں حاضری دیئے بغیر اخذِ نور کر سکتے ہیں۔

اس میں شک نہیں کہ تلمیحاتِ اقبال پر اُردو میں بہت اچھے کام ہو چکے ہیں مگر اس طرح کے کام انجینئر عبدالحکیم ملک جیسے دیوانے ہی کر سکتے ہیں کہ اشاریہ بنا کر ان تلمیحات کا ذکر کریں پھر سورۃ اور آیت کا حوالہ دیں پھر تراجم میں سے اُردو انگریزی کے موزوں ترین ترجمے کو پیش کرے، پھر اقبال کا شعر لائیں، اُس کا پورا حوالہ دیں اور اُس کا انگریزی ترجمہ بھی پیش کر دیں۔ اُنکے ایسے کام میں اُن کا علم، محنت اور لگن تو ظاہر ہوتی ہے مگر شاید وہ توفیق بھی جو تخلیق کار نے اُن میں ودیعت کی، بیچ میں وہ انجینئر بنے، وکیل بنے، افسر بنے اور پھر اُن بادشاہوں کے افسانوی قصوں کا کفارہ، جن کے بارے میں مشہور تھا کہ وہ آخر وقت میں قرآن کی کتابت کرتے تھے۔ مثلاً وہ قرآن کی اس آیت سے

لا تمدن عینیک الیٰ ما متعنا به ازواجاًمنهم ولا تحزن علیهم واخفض جناحک للمومنین .

(۱۵، الحجر ۸۸) ترجمہ: اور ہم نے کفار کی کئی جماعتوں کو جو (فوائد دنیاوی سے) مستفید کیا ہے۔ تم ان کی طرف (رغبت سے) آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا اور نہ ان کے حال پر افسوس کرنا اور مومنوں سے خاطر اور تواضع سے پیش آنا (88:15)

استنباط کرتے ہیں اور اقبال کا یہ شعر ہمارے رُوبرو لاتے ہیں:

اٹھا نہ شیشہ گرانِ فرنگ کے احسان
سفالِ ہند سے مینا و جام پیدا کر

اور پھر اس شعر کا انگریزی ترجمہ بھی پیش کر دیتے ہیں۔ میں نے اپنی زندگی میں بہت سے انجینئر دیکھے ہیں، وکیل دیکھے ہیں، اقبال کے متخصص دیکھے ہیں، حکمتِ قرآن کے رموز سے شناسائی کے دعویدار دیکھے ہیں مگر انجینئر عبدالحکیم ملک صرف ایک ہی دیکھا ہے۔

*انوار احمد

---

* **Prof: Dr: Anwaar Ahmad** - Author, Scholar, Academician
Pride for Performance (Pak), Sa`adi Literary Award Iran. Former Chairman National Language Authority
Prof: Research Institute of world Languages Osaka (Japan) - **Prof: at DTCF Ankara University (Turkey)**
Dean of Faculty Oriental Learning at GC university Faisal Abad - Director General University of Gujrat (Sialkot)
Deen of Faculity of Languages BZ University Multan.

فکرِ اقبال کو قرآنی تناظر میں سمجھنے کی منفرد کاوش

میری جب بھی انجینئر عبدالحکیم ملک کے تخلیقی کام پر نظر پڑتی ہے، میں جہان حیرت میں ڈوب جاتا ہوں، حیرت کا نقطہ صرف یہ ہی نہیں کہ انہوں نے اداروں سے بڑھ کر کام کیسے کیا بلکہ اصل حیرت یہ سوچ کر ہوتی ہے کہ ایک شخص جس کی تعلیم تکنیکی شعبہ تک محدود تھی اور جس نے پیشہ کا انتخاب بھی لفظوں کے بجائے پرکار، آڑھی ترچھی لکیروں کے جڑے شعبہ سے کیا اور زندگی کا بیشتر حصہ اُسی کی سیاہی میں گزارا ہو۔ایسا کیا ہوا کہ اُس کے اندر علم کی شمع فروزاں ہوئی اور جستجو کی تڑپ اس کی ذات کا محور بن گئی۔ ایک شعبہ تعمیر سے متعلق آدمی تخیل کی معراج کو چھونے لگا۔ مجھے یہ اعزاز حاصل ہے کہ جن دنوں انجینئر عبدالحکیم ملک اپنی شہرہ آفاق تصنیف (منشورِ قرآن) کے تخلیقی عمل سے گزر رہے تھے مجھے ان کی صحبت میں بیٹھنے کا موقع ملتا رہا جس طرح چڑیا تنکا تنکا جوڑ کر اپنا گونسلا بناتی ہے اسی طرح وہ لفظ لفظ جوڑ کر منشور قرآن کو ایک منفرد، بے مثال اور بامعانی تصنیف بنانے کے عمل سے گزر رہے تھے۔منشورِ قرآن کو جو دنیا بھر میں پذیرائی ملی وہ انجینئر عبدالحکیم ملک کے جذبہ تخلیق کو مزید جلا بخش گئی۔اس کے بعد انہوں نے قرآن اٹلس کی دو جلدیں (اٹلس سیرت طیبہ رسول اعظمؐ اور اٹلس ابنیاء اور رسُل حضرت آدمؑ سے عیسیٰؑ تک تخلیق کیں جن کی ہر مکتبہ فکر میں دنیا بھر میں پذیرائی ہوئی۔

پھر انہوں نے ایک دن جب یہ بتایا کہ وہ کلام اقبال اور قرآن مجید کے حوالے سے ایک کتاب ترتیب دے رہے ہیں اور اس کتاب کی انفرادیت اور خوبصورتی یہ ہوگی کہ اس میں قرآنی آیات اور اس کا ترجمہ اور ساتھ ہی علامہ اقبالؒ کے اشعار موضوع کی مناسبت سے ترتیب دیئے جائیں گے تو میں ان کے ذہن رسا کی داد دیئے بغیر نہ رہ سکا کیونکہ یہ ایسا کام ہے جو اس سے پہلے اس ترتیب اور انداز سے سامنے نہیں آیا۔اس کتاب کا پورا مسودہ میری نظر سے گزرا ہے میں انجینئر عبدالحکیم ملک کے تخلیقی ذہن کی داد دیتا ہوں کہ انہوں نے ایک طرف کلام اقبال سے چن چن کر ایسے اشعار تلاش کئے جو علامہ کے شارح قرآن ہونے کو ظاہر کرتے ہیں اور دوسرا وہ قرآنی آیات تلاش کیں جن کا عکس کلام اقبال میں نظر آتا ہے، مجھے یقین ہے کہ یہ کتاب جہاں اقبالؒ کی شاعری کو قرآنی تناظر میں سمجھنے میں مدد دے گی وہیں یہ بات بھی ثابت ہوجائے گی کہ علامہ اقبال نہ صرف سچے عاشق رسولؐ تھے بلکہ عاشق قرآن بھی تھے اور ان کی شاعری کا اصل مآ خذ کوئی اور نہیں بلکہ قرآن مجید ہی ہے۔قرآن مجید اور علامہ اقبالؒ کوئی نایا موضوع نہیں اس پر پہلے بھی بہت کام ہو چکا ہے اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ کلام اقبالؒ میں قرآن مجید کی جھلک جا بجا نمایاں نظر آتی ہے۔علامہ اقبالؒ کے تصورِ مردمومن کا خمیر ہی قرآن مجید سے اُٹھا ہے تاہم جب بھی علامہ اقبالؒ کی شاعری کے اس پہلو پر بات کی گئی تو تشنگی ضرور رہی کہ انہوں نے قرآن مجید کے کس حصے، کس سورۃ سے استفادہ کیا۔انجینئر عبدالحکیم ملک کی اس گراں قدر کاوش سے یہ تشنگی بھی دور ہوگئی ہے اور اس کے ذریعے اب باآسانی کلام اقبال میں موجود قرآنی ماخذات تک پہنچا جا سکتا ہے۔ میں اس عظیم کام کی سعادت حاصل کرنے پر انجینئر عبدالحکیم ملک کو دل کی گہرائیوں سے ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں۔

* پروفیسر نسیم شاہد

---

* **Prof: Nasim Shahid** - Poet, Author, Academician, Columnist
Former Principal Govt. College of Science Multan.
Head of the Urdu Department Govt. Emerson College Multan.
Lecturer Sadiq Public School Bahawalpur.

''کلامِ اقبالؒ میں عکسِ قرآن'' ایک زندہ رہ جانے والا کارنامہ

عبدالحکیم ملک تحقیق وتدقیق کی دُنیا میں ایک معتبر نام ہے۔ چند برس قبل ''منشورِ قرآن'' کے نام سے انہوں نے جس عظیم منصوبے کو خلوصِ نیّت اور دقتِ نظر سے پایۂ تکمیل تک پہنچایا تھا، وہ ایک دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے تن تنہا جس لگن اور جستجو کے ساتھ ''منشورِ قرآن'' ایسا کارنامہ انجام دیا تھا، اسی لگن، محنت، جذبے اور تدبّر سے کام لیتے ہوئے عبدالحکیم ملک صاحب نے ایک اور بڑا تحقیقی کام ''کلامِ اقبالؒ میں عکسِ قرآن'' کے نام سے مکمل کیا ہے۔ بلاشبہ اتنا ضخیم اور عظیم کام ایک فرد کا نہیں ادارے کا ہے مگر ملک صاحب اپنی خداداد صلاحیت سے اسے ممکن کر دکھایا ہے۔

عبدالحکیم ملک صاحب پیشے کے اعتبار سے ایک انجینئر ہیں تاہم اُن کا فکری رجحان شروع سے ہی مذہب اور تحقیقِ دینیات کی طرف رہا ہے۔ ملک صاحب نے اپنے قلم کی قوت کو مذہب، ادب اور خدمتِ خلق کے لیے استعمال کیا اور شخصیت سازی، کردار سازی اور بہترین انسان بننے کو مقصدِ تحریر بنایا۔ انہوں نے اپنی تازہ کتاب میں علامہ اقبال ایسے آفاقی شاعر کے کلام اور پیغام کو جس انداز میں پیش کیا ہے، میں سمجھتا ہوں وہ ہر پہلو سے لائقِ تحسین ہے۔ علامہ اقبال کی شاعری کا ماخذ قرآنِ مجید ہے، یہی وجہ ہے کہ کتاب الحکمت سے استنباط کیا ہوا یہ کام وقت کے ساتھ ساتھ پورے عالمِ اسلام اور غیر مسلموں تک تیزی سے پھیل رہا ہے۔ عبدالحکیم ملک صاحب نے بڑی عرق ریزی کے ساتھ علامہ اقبال کے معروف اشعار کے ساتھ وہ قرآنی آیات اُردو اور انگریزی ترجمے کے ساتھ اپنی فہرست میں شامل کی ہیں جنہیں علامہ اقبال نے شعروں کے قالب میں ڈھالا ہے اور بتایا ہے کہ فکرِ اقبال کا منبع اللہ پاک کی عظیم کتاب ہے۔ آیات کے انگریزی ترجمے کے ساتھ علامہ اقبال کے شعروں کا انگریزی ترجمہ کر کے ملک صاحب نے ''کلامِ اقبالؒ میں عکسِ قرآن'' کو ایک بین الاقوامی حیثیت دے دی ہے۔ آج جُوں جُوں دُنیا کے دیگر ملکوں کے اہلِ فکر و دانش فلسفۂ اقبال پر غور وفکر کر رہے ہیں، انہیں علامہ اقبال ایک آفاقی شاعر محسوس ہونے لگا ہے، اس اثر پذیری کے پس منظر میں جو قوت کارفرما ہے، وہ قرآن سے استنباط ہے۔ آج فلسفۂ اقبال مشرقِ بعید، مشرقِ وسطیٰ اور یورپی ممالک تک کو دعوتِ فکر دیتا دکھائی دیتا ہے۔ عبدالحکیم صاحب نے یہ کتاب تحریر کرتے ہوئے تحقیق کے اصول مدِنظر رکھے ہیں اور یوں علامہ اقبالؒ پر لکھی جانے والی اب تک کی لاتعداد کتابوں میں ایک منفرد اور گراں قدر کتاب کا اضافہ کیا ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ آج بین الاقوامی معروضی حالات جن مسائل کا شکار ہیں اور صرف عالمِ اسلام ہی نہیں بلکہ پوری دنیا جس انتشار سے دوچار ہے، کلامِ اقبال کو عام کرنے اور دُنیا تک پہنچانے کی اشد ضرورت ہے۔ عبدالحکیم ملک صاحب نے جس محنت اور محبت سے کلامِ اقبال کو قرآنی آیات کی روشنی میں تلاش کر کے اِس کتاب میں یکجا کیا ہے، وہ ایک بہت بڑا علمی کارنامہ ہے۔ یہ کتاب تاریخ کے طالب علموں سمیت مذہبیات، تحقیق اور ادیان کے تقابلی مطالعہ کرنے والوں کے لیے بھی ایک کلیدی کردار ادا کرتی دکھائی دیتی ہے۔ ملک صاحب نے اپنی زندگی میں ''منشورِ قرآن'' کے بعد ''کلامِ اقبال میں عکسِ قرآن'' کے نام سے تحقیقی کتاب تحریر کر کے ہمیشہ زندہ رہ جانے والا کارنامہ سرانجام دیا ہے۔

میں عبدالحکیم ملک صاحب کو دل سے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

ڈاکٹر انعام الحق جاوید*

---

* **Prof: Inam-ul-Haq Javed** - Pride of Performance Pak, Waris Shah Award,
Poet, Author, Academician & Writer.
Managing Director Book Foundation Pakistan.
Director Academy of Letters Islam Abad Paksitan.
Head of the Department, National Language Promotion Department Allama Iqbal University.
Pro: Vice Chancellor Al-Khair University

کلامِ اقبال پر اپنی نوعیت کی نادر تحقیق

عبدالحکیم ملک سے میرا تعلق گذشتہ پچیس برسوں سے ہے یہ تعلق ہر گزرے دن کے بعد مضبوط ہوتا چلا گیا اور آج ان کی حیثیت میرے گھر میں بڑے بھائی اور بزرگ کی سی ہے۔ان سے جب میرا پہلی مرتبہ تعارف ہوا تو وہ اپنے ساتھ اپنی مشہور زمانہ کتاب ''منشور القرآن'' لائے تھے۔ یہ کتاب پڑھنے کے بعد مجھے اندازہ ہوا کہ وہ اپنے تحقیقی کام سے کتنی محنت کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ جیسے جیسے دن گزرتے جا رہے ہیں ''منشوالقرآن'' کی دھوم پوری دنیا میں پھیلتی جا رہی ہے ان کی بخشش کے لئے صرف یہی کام ہی کافی ہے لیکن اس کے باوجود وہ ہر وقت تحقیق وتنقید کے شعبے میں مصروف عمل رہتے ہیں انہوں نے انسائیکلو پیڈیا انبیائے کرام اور سیرت نبوی ﷺ جو کام کیا وہ بھی اپنی نوعیت کا منفرد کام ہے ابھی تو ہم ان کی ان تینوں کتابوں کے عشق میں مبتلا تھے کہ انہوں نے ہمیں '' کلام اقبال میں عکسِ قرآن'' کا مسودہ بھجوا دیا۔ علامہ اقبال کا کلام تو ویسے ہی آفاقی کلام تسلیم کیا جاتا ہے لیکن ملک عبدالحکیم نے ان کے کلام کو حقیقی معنوں میں آفاقی ثابت کرنے کے لئے قرآن کے حوالے تلاش کئے ہیں جو اپنی نوعیت کا پہلا بلکہ اردو کا ایک اہم کام ہے اس کے لئے وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔

کلام اقبال کے عشاق اب ان کے کلام میں قرآن کا عکس بھی آسانی سے تلاش کرلیا کریں گے، ملک عبدالحکیم کا یہ کام اصل میں سرکا. کے علمی ادبی اداروں میں بیٹھے محققین کا ہونا چاہئے تھا لیکن وہاں پر مشکل کام کون کرتا ہے؟ یہ بھاری پتھر تو ملک عبدالحکیم نے نہ صرف اٹھایا ہے بلکہ اس کو منزل مقصود تک بھی پہنچا چیا ہے یعنی کہ جس نے بھی اب شاعر مشرق کے کلام میں قرآن کا عکس تلاش کرنا ہے اس کو ملک عبدالحکیم کی اس کتاب کو بھی اپنی لائبریری میں رکھنا ہوگا جو اقبال سے محبت کرتے ہیں اور قرآن کو ضابطہ حیات مانتے ہیں۔

میں ملک عبدالحکیم کو اس خوبصورت کام پر مبارکباد دیتا ہوں اور دعا گو ہوں۔

''اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ''

*شاکر حسین شاکر

* **Shakir Hussain Shakir**
Tamghah e Imtiaz
Presidential Award Holder
Poet, Author, Writer, Columnist, Humorist.

''کلامِ اقبالؒ میں عکسِ قرآن'' ایک فقید المثال تالیف

انجینئر عبدالحکیم ملک کی نئی کتاب ''کلامِ اقبال میں عکسِ قرآن'' کا مسودہ دیکھا تو فوری ردِ عمل کے طور پر دو معروف واقعات میری سوچ کے دریچوں پر دستک دینے لگے۔ فارمن کرسچن کالج (ایف سی کالج) لاہور کا سالانہ اجلاس۔ وہاں کالج کے پرنسپل کا ڈاکٹر علامہ محمد اقبال سے یہ درخواست کرنا کہ اجلاس اور ازاں بعد چائے سے فارغ ہو کر ذرا ٹھہریئے گا' مجھے آپ سے کچھ پوچھنا ہے۔ پھر پرنسپل ایف سی کالج ڈاکٹر لوکس کا حضرتِ علامہؒ سے دریافت کرنا کہ ''آیا آپ کے نزدیک' آپ کے نبیؐ پر قرآن کا مفہوم نازل ہوتا تھا یا الفاظ و جملے بنے بنائے اترا کرتے تھے؟'' علامہؒ کا فرمانا ''میرے نزدیک قرآن کی عبارت عربی زبان میں جوں کی توں آں حضرتؐ پر نازل ہوئی جیسی آج بھی موجود ہے''۔ ڈاکٹر لوکس کا استہزائیہ مسکراہٹ کے ساتھ کہنا ''میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ جیسا اعلیٰ پائے کا فلسفی الہامِ لفظی (لفظوں کا جوں کا توں اترنا) پر کیوں کر یقین رکھ سکتا ہے''۔ حضرتِ علامہؒ کا لاجواب کر دینے والا جواب ''میں پیغمبر نہیں' محض ایک شاعر ہوں مگر جب مجھ پر شعر کہنے کی کیفیت طاری ہوتی ہے تو مجھ پر بنے بنائے اور ڈھلے ڈھلائے شعر اترنے لگتے ہیں اور میں انہیں بعینہٖ نقل کرتا ہوں۔ بارہا ایسا ہوا کہ میں نے ان اشعار میں ترمیم کرنی چاہیے لیکن میری ترمیم اصل اور ابتدائی نازل شدہ شعر کے مقابلہ میں بالکل ہیچ نظر آئی اور میں نے شعر کو جوں کا توں رکھا۔ اگر ایک شاعر پر بنا بنایا شعر نازل ہو سکتا ہے تو کیا مقامِ تعجب ہے کہ آں حضرتؐ پر قرآن کی عبارت لفظ بہ لفظ نازل ہوتی تھی''۔

دوسرا حضرتِ علامہؒ کے ذاتی خدمت گار علی بخش کا وہ بیان جو علامہ کی رحلت کے بعد اس نے کسی اخبار کے انٹرویو میں دیا۔ یہ انٹرویو 22 دسمبر 1954 کو ممتاز حسن نے کیا۔ ان کا ایک سوال تھا ''آپ کیسے پہچانتے تھے کہ علامہؒ پر شعر گوئی کی کیفیت طاری ہو رہی ہے''۔ علی بخش کا جواب ذیل میں من و عن نقل کرتا ہوں۔

''وہ مجھے پکارتے یا تالی بجاتے اور کہتے میری بیاض اور قلم دان لاؤ۔ میں یہ چیزیں لے آتا تو وہ اشعار لکھ لیتے۔ اطمینان نہ ہوتا تو بہت بے چین ہو جاتے۔ شعر گوئی کے دوران میں اکثر قرآنِ مجید لانے کو کہتے۔ شعر گوئی کے علاوہ بھی دن میں کئی بار مجھے قرآن مجید لانے کو کہتے''۔

مدتوں سے یہ واقعات ہم کتابوں میں پڑھ اور میڈیا پر سن رہے ہیں مگر قرآنی مضامین کی کلامِ اقبال میں تلاش بارے کسی نے دھیان نہیں دیا۔ منبر و محراب سے ایک آدھ حوالے کا شعر کبھی سنائی دے جایا کرتا ہے مگر طویل تحقیق کے بعد باقاعدہ سے ایک الگ کتاب مرتب کرنے کی سعادت انجینئر عبدالحکیم ملک کے حصہ میں آئی۔ ملک صاحب خادمِ قرآن ہیں۔ ان کی شہرہ آفاق کتاب ''منشورِ قرآن'' برسوں کی تحقیق کا ثمر ہے۔ انہوں نے قرآنی مضامین و احکامات کا انڈکس اردو اور انگریزی خواں طبقے کی رہنمائی کے لئے سہل کر کے پیش کر دیا ہے۔ پھر سیرت رسول پاک کا اٹلس اور اٹلس انبیائے کرام بھی ملک صاحب کے نادر تحقیقی کام ہیں۔ اٹلس رسولِ اعظمؐ تو عمرہ کی ادائیگی کے دوران میری رہنما و ہم رکاب رہی۔ اب ''کلامِ اقبال میں عکسِ قرآن'' بھی ملک عبدالحکیم صاحب کا منفرد تحقیقی کارنامہ ہے۔ علی بخش کا انٹرویو ذہن میں رکھئے اور مجھے یہ کہنے کی اجازت دیجئے کہ کلامِ اقبال میں قرآنی مضامین کی کھوج خود علامہ اقبالؒ کے بعد اگر کسی نے کی ہے تو وہ انجینئر عبدالحکیم ملک ہیں۔ ملک صاحب اس حوالے سے بڑے ہی سعید نصیب لکھوا کر لائے ہیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ان کو اپنے کلامِ مجید اور اپنے پیامبروں کا ذکر عام کرنے کی خدمت پر مامور کیا ہے۔ اللہ پاک' ملک صاحب کو دین و دنیا کی مزید کامیابیاں اور کامرانیاں عطا فرمائے۔

* محمد سجاد جہانیہ

*** Muhammad Sajjad Jahania**
Author, Writer, Columnist, Magazine Editor.
Director Information & Culture Govt. of Punjab.
Resident Director Art Council Multan

کلامِ اقبال میں نورانی منظر کی عکاس کتاب

اللہ نور ہے سماوات اور ارض کا (۲۴:۳۵) جس نور سے کائنات کے ہر ذرّے کا دل اُس کے مقصدِ تخلیق کی ہدایت سے ایسے روشن ہے کہ جسے دیکھ کر علامہ ڈاکٹر محمد اقبالؒ پکار اُٹھے کہ:

حقیقت ایک ہے ہر شے کی خاکی ہو کہ نوری ہو
لہو خورشید کا ٹپکے اگر ذرّے کا دل چیریں

یہ نور۔ اپنے دامنِ فیض میں، اللہ کی منشا اور علم وحکمت پر مبنی، ہر ایک شے کا مخصوص مقصدِ تخلیق لئے ہوتا ہے۔ جو کہ اُس شے کی تخلیق کے اَمرِ کُن میں تمام ہدایات اور اُن کی تعمیل وتکمیل کے لئے، اُن کے وجود میں باطنی۔ اور ماحول میں خارجی لوازمات لئے ہوتا ہے۔ (۳۶ سورۃ یٰسین:۸۲) اسی ذوق وشوق کی کیفیات کے استغراق میں ڈاکٹر محمد اقبال اپنا کلام لکھا کرتے تھے۔


اللہ تعالیٰ کی کتابِ نور کی تعلیمات سے منور دلِ درویش، جناب عبدالحکیم ملک صاحب نے جب اپنی تالیف: "منشور القرآن" کی تزئین فرمائی۔ جس کتاب کو "مطالعۂ قرآن پر ایک جہاں نما کتاب یعنی اسلامی تعلیمات کا انسائیکلوپیڈیا" بھی مانا گیا ہے اور ایسے کارناموں کے لئے "اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن" کے دفاتر، پاکستان۔ برطانیہ۔ کینیڈا اور امریکہ میں قائم کر لئے۔ تو پھر جب اپنی اسی روشن نگاہی سے کلامِ اقبالؒ پر نظر ڈالی، تو اُنہیں اس زمزمی جھیل میں، جگہ جگہ اسی نور سے چمکنے والے ستاروں کی جھلمل دکھائی دی۔ جیسے اُنہیں علامہ اقبالؒ کی اس دعا کا استجابی عکس نظر آ گیا ہو !

تیرہ و تار ہے جہاں گردشِ آفتاب سے
طبعِ زمانہ تازہ کر جلوۂ بے حجاب سے

برادرم عبدالحکیم ملک صاحب کی کہنہ مشق قلم کے فیض سے تقریباً ۵۰۰، اشعارِ اقبالؒ پر مبنی نئی کتاب: "کلامِ اقبالؒ میں عکسِ قرآن" میں اسی منظر کی نورانی عکاسی کی گئی ہے۔ اس میں اشعار بمعہ متعلقہ آیات، ان سب کے اُردو اور انگریزی ترجمے، انتہائی مہارت سے آراستہ ہیں۔ قرآن الحکیم، اقبالؒ اور ادبی ذوق والے یقیناً اس کی بصیرت سے فیضیاب ہوں گے۔ علامہ اقبالؒ کا ابدی سچائیوں پر مبنی شعر ہمیشہ کی طرح آج بھی اتنا ہی سچ ہے:

ترے ضمیر پہ جب تک نہ ہو نزولِ کتاب
گرہ کشا ہے نہ رازیؔ نہ صاحبِ کشافؔ

** سید افتخار حیدر (ٹورانٹو۔کینیڈا)



* **Syed Iftikhar Haider**
Poet, Author, Writer, Essayist & Columnist
Member & Speaker Global Iqbal Academy, Ontario, Canada.
Sharing Spiritual Ethics With individual, Groups & Media Ontario, Canada.
Engineer Air Electronics & Lighting USA-UK

کلام اقبال میں قرآنی آیات سے استنباط

علامہ اقبالؒ نے جا بجا قرآنی آیات کے حوالے اپنے کلام میں دیئے ہیں۔جن سے ان کے کلام میں روحانیت اور تقدس کی فضا پیدا ہوتی ہے،مثال کے طور پر درج ذیل قرآنی الفاظ علامہؒ کے اشعار میں ملتے ہیں۔

نمبر شمار	قرآنی آیات سے استنباط	حوالہ قرآنِ کریم	حوالہ صفحہ کتاب
1	ورفعنا لک ذکرک	94۔النشرح 4	82
2	لا تخلف المیعاد	3۔آل عمران 9	45
3	لا تخف	11۔ھود70۔27النمل10 20۔طٰہٰ 21	218
4	لایحزنون..........	2۔البقرہ112	237
5	و قد کنتم بہ تستعجلون	10۔یونس51	148
6	ینسلون	21۔الانبیاء96	144
7	لا تذر..........	71۔نوح26	334
8	لا تقنطو	39۔الزمر53	238
9	قم باذن اللہ	5۔المائدہ110۔3آل عمران49	422,478
10	لا تدع مع اللہ الھا آخر	28۔القصص88	377
11	ھو اللہ احد	104۔اخلاص1	103,405
12	اَرنی	7۔الاعراف143	236,248
13	لن ترانی	7۔الاعراف143	101,105,225, 330,466,500
14	ید اللہ	48الفتح10	373
15	قلب سلیم	2۔البقرہ74۔26الشعر89	121,467
16	قل العفو	2۔البقرہ219	376
17	سلسبیل	76۔الدھر18,6،	99,104
18	شراب طھور	76۔الدھر21	102

نمبر شمار	قرآنی آیات سے استنباط	حوالہ قرآنِ کریم	حوالہ صفحہ کتاب
19	قرآن	36۔یٰس 2	215,263 409,384
20	فرقان	25۔الفرقان 1	215
21	یٰس	36۔یٰس 1	215
22	طٰہٰ	20۔طٰہٰ 2,1	215
23	ید بیضا	28۔القصص 32۔20طٰہٰ 22	107,276
24	النجم	86۔الطارق 3	470
25	سبحان ربی الاعلی	87۔الاعلیٰ 1	432
26	لا شریک له	24۔النور 55	396
27	ان وعد اللّٰہ حق	30۔الروم 60	151
28	قارون	28۔القصص 79	348
29	لا غالب الا هو	58۔المجادلۃ 21	464
30	لا اله الا الله	28۔القصص 26، 48۔الفتح 10 2۔البقرہ 163۔59الحشر 22	193,291,336, 424,394,388, 407,401,378, 460,501
31	ختم الرسل ﷺ	33۔الاحزاب 40	297
32	سورة الشمس	91۔الشمس 1	156
33	یاجوج ماجوج	21۔الانبیاء 96	144
34	الٓم	2۔البقرہ 1	132
35	کن فیکون	2۔البقرہ 117۔36یٰسین 82	285
36	حنین (غزوہ)	9۔التوبہ 25	281
37	بشیر و نذیر ﷺ	25۔الفرقان 56	233
38	رحیق	83۔المطففین 25	350
39	ابنِ مریم (حضرت عیسیٰؑ)	4۔النساء 157	497


بسم الله الرحمن الرحيم

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا رحمٰن (ازل سے) اور نہایت رحم والا (ابد تک) ہے۔

(We Commence) with the name of Allah (SWT)
The most Gracious (to begin with)*
The most Merciful (to the end)**

* Most Beneficent, from beginning of the creation
** Most Compassionate, in the Hereafter

THE **Clarion Call**



بانگِ درا

علامہ اقبالؒ کی شاعری کا ارتقائی زینہ

1924ء

اقبال کا ترانہ "بانگِ درا" ہے گویا

http://www.irfglobal.com

قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ
وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٣١﴾ ﴿۳ آل عمران ۳۱﴾

(اے پیغمبرؐ لوگوں سے) کہہ دیجئے کہ اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میری پیروی کرو
اللہ بھی تمہیں دوست رکھے گا اور تمہارے گناہ معاف کر دے گا اور اللہ بخشنے والا
مہربان ہے (3:31)

Say, (O Muhammad, to mankind): If you love Allah, follow me; Allah will love you and forgive you your sins. Allah is Forgiving, Merciful. (3:31)

کی محمدؐ سے وفا تُو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

بانگِ درا 120

To my **Muhammad** be but true, And you have conquered me;
The world is nothing you will command My Pen of Destiny.
(Jawab Shikwa)

مزید حوالہ

4 النساء 80 - 33 الاحذاب 71
58 المجادلہ 22

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٧﴾

﴿١٦ النحل ٩٧﴾

جو شخص نیک اعمال کرے گا مرد ہو یا عورت اور وہ مومن بھی ہوگا تو ہم اس کو (دنیا میں) پاک (اور آرام کی) زندگی سے زندہ رکھیں گے اور (آخرت میں) ان کے اعمال کا نہایت اچھا صلہ دیں گے (16:97)

Whosoever does right, whether male or female, and is a believer, We shall quicken him with good life, and We shall pay them a recompense in proportion to the best of what they used to do. (16:97)

یہی آئین قدرت ہے یہی اسلوبِ فطرت ہے

جو ہے راہِ عمل پر گامزن، محبوبِ فطرت ہے

بانگِ درا 034

This is the law of Nature, this is the order of Nature
Those who tread dynamism's path, are the darlings of Nature
(Tasweer e Dard)

مزید حوالہ

23 المومنون 1 تا 11 33 الاحزاب 35

24 النور 55 2 آل عمران 57 9 التوبہ 112,71

فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۲۲ الحج ۴۵﴾

اور بہت سی بستیاں ہیں کہ ہم نے ان کو تباہ کر ڈالا کہ وہ نافرمان تھیں۔
سو وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں۔ اور (بہت سے) کنوئیں بے کار
اور (بہت سے) محل ویران (پڑے ہیں) (45:22)

How many a towns have We destroyed while they were sinful, they tumbled down on their roofs, and how many wells (have been abandoned and many impressive castles (towers) are neglected. (22:45)

زندگی اقوام کی بھی ہے یونہی بے اعتبار
رنگ ہائے رفتہ کی تصویر ہے ان کی بہار

بانگِ درا 096

Similarly unpredictable is the life of nations
Their glory is a picture of the happy times gone by
The Royal Cemetery

مزید حوالہ

6 الانعام 6 ، 20 طٰہٰ 128 ، 22 الحج 45
40 المومن (غافر) 82,21 ، 47 محمد 13

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ۨ
اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ۨ انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿١١﴾ ﴿۲۲ الحج ١١﴾

اور لوگوں میں بعض ایسا بھی ہے جو کنارے پر (کھڑا ہوکر) اللہ کی عبادت کرتا ہے۔ اگر اس کو کوئی (دنیاوی) فائدہ پہنچے تو اس کے سبب مطمئن ہو جائے اور اگر کوئی آفت پڑے تو الٹا پھر جائے (یعنی پھر کافر ہو جائے) اس نے دنیا میں بھی نقصان اٹھایا اور آخرت میں بھی یہی تو انتہا کی گمراہی ہے (22:11)

And among mankind is he who worships Allah upon a narrow margine so that if good befalls him he is content thereupon, but if a trial befalls him, he falls away utterly. He loses both the world and the Hereafter. That is the sheer loss. (22:11)

سوداگری نہیں یہ عبادت خدا کی ہے
اے بے خبر! جزا کی تمنّا بھی چھوڑ دے

بانگِ درا 062

This is not business, this is 'ibadat of God!
O ignorant one, abandon the longing for reward also
(Ghazliyat)

مزید حوالہ

41 حم السجدہ 49,50,51

ﭐلَّذِىۡ خَلَقَ الۡمَوۡتَ وَالۡحَيٰوةَ لِيَبۡلُوَكُمۡ اَيُّكُمۡ اَحۡسَنُ عَمَلًا‌ ؕ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡغَفُوۡرُۙ ۝٢

﴿٦٧ الملك ٢﴾

اسی نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہاری آزمائش
کرے کہ تم میں سے کون اچھے کام کرتا ہے اور وہ
زبردست (اور) معاف فرمانے والا ہے (2:67)

Who has created life and death that He may try you, which of you is best in conduct; and He is the Mighty, Forgiving, (67:2)

قلزمِ ہستی سے تو اُبھرا ہے مانندِ حباب
اس زیاں خانے میں تیرا اِمتحاں ہے زندگی

بانگِ درا 162

From the sea of existence you arose like a bubble;
In this dwelling of loss, life your test.

(Kizir-e-Rah)

مزید حوالہ

16 النحل 70 ، 22 الحج 66 ،45 الجاثیہ 26 ، 50 ق 43

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ
وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ
وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ
اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ﴿۲۲ الحج ۱۸﴾

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جو (مخلوق) آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اور سورج
اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے اور بہت سے انسان اللہ کو سجدہ کرتے ہیں۔
اور بہت سے ایسے ہیں جن پر عذاب ثابت ہو چکا ہے۔ اور جس شخص کو اللہ ذلیل کرے
اس کو کوئی عزت دینے والا نہیں بے شک اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے (18:22)

Have you not seen that to Allah pays adoration whosoever is in the heavens and whosoever is in the earth, and the sun, and the moon, and the stars, and the mountains, and the trees, and the animals (beasts), and many of mankind, while there are many to whom the doom is justly due. He whom Allah weakens, there is none to give him honour. Allah does what He wishes. (22:18)

خصوصیت نہیں کچھ اس میں اے کلیم تری
شجر حجر بھی خدا سے کلام کرتے ہیں

بانگِ درا 091

You are not singular in this O Kaleem
Trees and stones are also talking with God
(Ghazliyat)

مزید حوالہ

57 الحدید 1 ، 59 الحشر 1 ، 61 الصف 1 ، 62 الجمعۃ 1

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ تَطْمَىٕنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ
اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىٕنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾
﴿۱۳ الرعد ۲۸﴾

(یعنی) جو لوگ ایمان لاتے اور جن کے دل یادِ اللہ سے
آرام پاتے ہیں (ان کو) اور سن رکھو کہ اللہ کی یاد سے دل
آرام پاتے ہیں (28:13)

Who have believed and whose hearts have rest in the remembrance of Allah. Surely, in the remembrance of Allah do hearts find rest! (13:28)

نہ کہیں جہاں میں اماں ملی، جو اماں ملی، تو کہاں ملی
میرے جرمِ خانہ خراب کو، ترے عفوِ بندہ نواز میں

بانگِ درا 169

My dark misdeeds found no refuge in the wide world—
The only refuge they found was in Your Gracious Forgiveness

(Ghazliyat)

مزید حوالہ

4 النساء 31 ، 6 الانعام 15,12 ، 15 الحجر 49 ، 17 بنی اسرائیل 20

وَإِذَا كُنتَ فِيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلَوٰةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُم مَّعَكَ
وَلْيَأْخُذُوٓا أَسْلِحَتَهُمْ فَإِذَا سَجَدُوا فَلْيَكُونُوا مِن وَرَآئِكُمْ وَلْتَأْتِ طَآئِفَةٌ
أُخْرَىٰ لَمْ يُصَلُّوا فَلْيُصَلُّوا مَعَكَ وَلْيَأْخُذُوا حِذْرَهُمْ وَأَسْلِحَتَهُمْ ۗ وَدَّ الَّذِينَ كَفَرُوا
لَوْ تَغْفُلُونَ عَنْ أَسْلِحَتِكُمْ وَأَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيلُونَ عَلَيْكُم مَّيْلَةً وَاحِدَةً ۚ وَلَا جُنَاحَ
عَلَيْكُمْ إِن كَانَ بِكُمْ أَذًى مِّن مَّطَرٍ أَوْ كُنتُم مَّرْضَىٰٓ أَن تَضَعُوٓا أَسْلِحَتَكُمْ ۖ
وَخُذُوا حِذْرَكُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْكَٰفِرِينَ عَذَابًا مُّهِينًا ﴿٤ النساء ١٠٢﴾

اور جب تم ان (مجاہدین کے لشکر) میں ہو اور ان کو نماز پڑھانے لگو تو چاہیئے کہ ان کی ایک جماعت تمہارے ساتھ مسلح ہو کر کھڑی رہے۔ جب وہ سجدہ کر چکیں تو یہ ہٹ کر تمہارے پیچھے آجائیں پھر دوسری جماعت جس نے نماز نہیں پڑھی (ان کی جگہ) آئے اور ہوشیار اور مسلح ہو کر تمہارے ساتھ نماز ادا کرے۔ کافر اس گھات میں ہیں کہ تم ذرا اپنے ہتھیاروں اور سامان سے غافل ہو جاؤ کہ تم پر یکبارگی حملہ کر دیں۔ اگر تم بارش کے سبب تکلیف میں ہو یا بیمار ہو تو تم پر کچھ گناہ نہیں کہ ہتھیار اتار رکھو مگر ہوشیار ضرور رہنا اللہ نے کافروں کے لئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے (102:4)

And when you are among them and arrange (their) worship for them, (stand to lead them in prayer) let only a party of them stand with you (to worship) and let them take their arms. Then when they have performed their prostrations let them fall to the rear and let another party come that has not worshipped and let them worship with you, and let them take their precaution and their arms. Those who disbelieve long for you to neglect your arms and your baggage that they may attack you once for all. It is no sin for you to lay aside your arms, if rain impedes you or you are sick. But take your precaution. No doubt Allah prepares for the disbelievers shameful punishment. (4:102)

آگیا عین لڑائی میں اگر وقتِ نماز
قِبلہ رُو ہو کے زمیں بوس ہوئی قومِ حجاز

بانگِ درا 105

When the time to pray came amidst battle;
Those men of Hijaz, facing Your Ka'ba, bowed to pray.

(Shikwa)

مزید حوالہ
2 البقرہ 239

اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾ ﴿۳۹ الزمر ۲۳﴾

اللہ نے نہایت اچھی باتیں نازل فرمائی ہیں (یعنی) کتاب (جس کی آیتیں باہم) ملتی جلتی (ہیں) اور دہرائی جاتی (ہیں) جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں ان کے بدن کے (اس سے) رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ پھر ان کے بدن اور دل نرم (ہو کر) اللہ کی یاد کی طرف (متوجہ) ہو جاتے ہیں۔ یہی اللہ کی ہدایت ہے۔ وہ اس سے جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ اور جس کو اللہ گمراہ کرے اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں (23:39)

Allah has (now) revealed the fairest of statements, a Scripture consistent, (wherein promises of reward are) paired (with threats of punishment), whereat does creep the flesh of those who fear their Lord, so that their flesh and their hearts soften to Allah's reminder. Such is Allah's guidance, where with He guides whom He wills. And him whom Allah sends astray, for him there is no guide. (39:23)

تُو بچا بچا کے نہ رکھ اسے، ترا آئینہ ہے وہ آئینہ
کہ شکستہ ہو تو عزیز تر ہے نگاہِ آئینہ ساز میں

بانگِ درا 169

Do not try to protect it, your mirror (heart) is such a mirror;
Which is dearer in the Maker's eye once broken.

(Ghazliyat)

مزید حوالہ

3 آل عمران 198 ، 8 الانفال 29 ، 55 الرحمٰن 46 ، 59 الحشر 18

قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۳۳ الاحزاب ۱۶﴾

کہہ دیجئے کہ اگر تم موت یا مارے جانے سے بھاگتے ہو تو بھاگنا تم کو فائدہ نہیں دے گا
اور اس وقت تم بہت ہی کم فائدہ اٹھاؤ گے (16:33)

Say: Flight will not avail you if you flee from death or killing, and (even if you do escape) then you dwell in comfort but a little while. (33:16)

موت ہے ہنگامہ آرا قلزم خاموش میں
ڈوب جاتے ہیں سفینے موج کی آغوش میں

بانگِ درا 139

Death even creates its tumults in the silent sea,
And boats sink in the embrace of the wave

(In Memory of My Late Mother)

مزید حوالہ

10 یونس 49 ، 29 العنکبوت 57 ، 32 السجدہ 11
33 الاحزاب 16 ، 63 المنافقون 11

وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٧ الاعراف ٥٦﴾

اور ملک میں اصلاح کے بعد خرابی نہ کرنا اور خدا سے خوف کرتے ہوئے اور امید رکھ کر دعائیں مانگتے رہنا۔ کچھ شک نہیں کہ خدا کی رحمت نیکی کرنے والوں سے قریب ہے (56:7)

Spread not corruption on the earth after the fair ordering (thereof), and call on Him in fear and hope. The mercy of Allah is near to those who act kindly. (7:56)

دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے
پَر نہیں ، طاقتِ پرواز ، مگر رکھتی ہے

بانگِ درا 120

When passion streaming from the heart turns human lips to lyres,
Some magic wings man's music then, his song with soul inspires;

(Jawab Shikwa)

مزید حوالہ

40 المومن 60 ، 2 البقرہ 186 ، 7 الاعراف 205,55

إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ ۚ إِنَّمَا أَمْرُهُمْ إِلَى اللَّهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴿١٥٩﴾

﴿٦ الانعام ١٥٩﴾

جن لوگوں نے اپنے دین میں (بہت سے) راستے نکالے اور کئی کئی فرقے ہو گئے ان سے تم کو کچھ کام (تعلق) نہیں ان کا کام اللہ کے سپرد ہے پھر جو کچھ وہ کرتے رہے ہیں وہ ان کو (سب) بتائے گا (159:6)

As for those who sunder their religion and become schismatic, you have no concern with them at all. Their case will go to Allah, Who then will tell them what they used to do. (6:159)

ہوس نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہے نوعِ انساں کو
اخوّت کا بیاں ہو جا، محبت کی زباں ہو جا
یہ ہندی، وہ خراسانی، یہ افغانی وہ تورانی
تو اے شرمندۂ ساحل، اچھل کر بے کراں ہو جا

بانگِ درا 163

Greed has split mankind into little pieces;
Become the statement of brotherhood, become the language of love.
Here are Indians, there people of Khurasan, here Afghans, thereTuranians—
You, who despise the shore, rise up and make yourself boundless.

(Tulu-e-Islam)

مزید حوالہ

3 آل عمران 105,103 ، 4 النساء 175 ، 8 الانفال 46 ، 11 ھود 118 ، 21 الانبیاء 93
، 23 المومنون 53 ، 30 الروم 32 ، 42 الشوریٰ 35,34

لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿۸۸﴾ ﴿۱۵ الحجر ۸۸﴾

اور ہم نے کفار کی کئی جماعتوں کو جو (فوائد دنیاوی سے) مستفید کیا ہے تم ان کی طرف (رغبت سے) آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا اور نہ ان کے حال پر افسوس کرنا اور مومنوں سے خاطر اور تواضع سے پیش آنا (15:88)

Strain not your eyes towards that which We cause some classes among them to enjoy, and be not grieved on their account, and lower you wing (in tenderness) for the believers. (15:88)

نئی تہذیب ، تکلّف کے سوا کچھ بھی نہیں
چہرہ روشن تو کیا ، حاجت گلگو نہ فروش

بانگِ درا 152

The new culture is nothing but formalities
For trade fair and bright, you don't need rouge vendors.

مزید حوالہ

2 البقرہ 212 ، 3 آل عمران 196 ، 40 المومن 82,21

فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿٩٧﴾
﴿ ٣٧ الصّٰفّٰت ٩٧ ﴾

وہ کہنے لگے کہ اس کے لئے ایک الاؤ تیار کرو پھر اس کو دہکتی ہوئی آگ کے ڈھیر میں ڈال دو (97:37)

They said: Build for him a pyre and cast him in the red-hot fire. (37:97)

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾
﴿ ٢١ الانبياء ٦٩ ﴾

ہم نے حکم دیا اے آگ سرد ہو جا اور ابراہیم پر (موجب) سلامتی (بن جا) (69:21)

We said: O fire, be you cool and (a mean of) safety for Abraham. (21:69)

وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ﴿٧٠﴾
﴿ ٢١ الانبياء ٧٠ ﴾

گو ان لوگوں نے برا تو حضرت ابراہیم کا چاہا تھا مگر ہم نے انہی کو ناکام بنا دیا (70:21)

And they planned against him, but We made them the greater losers. (21:70)

آگ ہے ، اولاد ابراہیم ہے ، نمرود ہے
کیا کسی کو پھر کسی کا امتحان مقصود ہے

بانگِ درا 161

Tyrants and flames once more on Abraham`s race have glared;
For whom this new ordeal, or by whose hand prepared?

(Khizir the Guide)

مزید حوالہ

21 الانبیاء 70,69,68 ، 29 العنکبوت 24

اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۱۲۸﴾

﴿۲۰ طٰہٰ ۱۲۸﴾

کیا یہ بات ان لوگوں کے لئے موجب ہدایت نہ ہوئی کہ ہم ان سے پہلے
بہت سی بستیوں کو ہلاک کر چکے ہیں جن کے رہنے کے مقامات میں یہ چلتے پھرتے ہیں
عقل والوں کے لئے اس میں (بہت سی) نشانیاں ہیں (128:20)

Is it not a guidance for them (to know) how many a generations We destroyed before them, around in whose dwellings they walk? Therein are signs for men of thought. (20:128)

کیفیت ایسی ہے ناکامی کی اس تصویر میں
جو اُتر سکتی نہیں آئینۂ تحریر میں

بانگِ درا 096

Such an expression of failure is in this picture
Which is impossible to reflect in description's mirror
(The Royal Cemetery)

مزید حوالہ

10 یونس 24 ، 22 الحج 45 ، 40 المومن (غافر) 82
44 الدخان 25 تا 29 ، 47 محمد 13

إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ الْكِتَابِ وَيَشْتَرُونَ بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا أُولَٰئِكَ مَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٢ البقرة ١٧٤﴾

Those who suppress anything of the Scripture, which Allah has revealed, and barter it off for a small gain therewith, they swallow into their bellies nothing else than fire. Allah will not speak to them on the Day of Resurrection, nor will He make them grow in purity. Theirs will be a painful doom. (2:174)

جولوگ (اللہ کی) کتاب سے ان (آیتوں اور ہدایتوں) کو جو اس نے نازل فرمائی ہیں چھپاتے اور ان کے بدلے تھوڑی سی قیمت (یعنی دنیاوی فائدہ) حاصل کرتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں محض آگ بھرتے ہیں۔ ایسے لوگوں سے اللہ قیامت کے دن نہ کلام کرے گا اور نہ ان کو (گناہوں سے) پاک کرے گا اور ان کے لئے دکھ دینے والا عذاب ہے (174:2)

واعظِ قوم کی وہ پختہ خیالی نہ رہی
برقِ طبعی نہ رہی ، شعلہ مقالی نہ رہی
رہ گئی رسمِ اذان ، روحِ بلالی نہ رہی
فلسفہ رہ گیا ، تلقینِ غزالی نہ رہی

بانگِ درا 120

That judgment ripe is no more theirs who play your preachers' role,
Nor kindling accents from their lips, reveal the flaming soul.
Azan yet sounds, but never now Like Bilal's, soulfully;
Philosophy, conviction-less, Now mourns its Ghazzali,

(Jawabe Shikwa)

مزید حوالہ

2 البقرہ 175,79,76,41 ، 5 المائدہ 44

وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗۤ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۷ الاعراف ۱۷۶﴾

اور اگر ہم چاہتے تو ان آیتوں کی بدولت اس (کے درجے) کو بلند کر دیتے۔ مگر وہ پستی (دنیا) کی طرف مائل ہوگیا اور اپنی نفسانی خواہش کے پیچھے چل پڑا تو اس کی مثال کتے کی سی ہوگئی کہ اگر سختی (حملہ) کرو تو زبان نکالے رہے اور یوں ہی چھوڑ دو تو بھی زبان نکالے رہے۔ یہ مثال ان لوگوں کی ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو (ان سے) یہ قصہ بیان کر دو۔ تاکہ وہ لوگ فکر کریں (کچھ سوچیں) (176:7)

And had We wished We could have raised him by their means, but he clung to the earth and followed his own lust. Therefore his likeness is as the likeness of a dog; if you attack him he pants with his tongue out, and if you leave him he pants with his tongue out. Such is the likeness of the people who deny Our revelations. Narrate to them the history (of the men of old), that haply they may take thought. (7:176)

کیا رفعت کی لذّت سے نہ دل کو آشنا تو نے
گذاری عمر پستی میں مثالِ نقشِ پا تُو نے

بانگِ درا 034

You have not acquainted your heart with pleasure of dignity
You have passed your entire life in humility like foot prints
(The Portrait of Anguish)

مزید حوالہ

2 البقرہ 170 ، 9 التوبہ 38 ، 31 لقمان 21 ، 43 الزخرف 24

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿۳۹ الزمر ۶﴾

کہہ دیجئے کہ وہ (ذات پاک جس کا نام) اللہ (ہے) ایک ہے (1:112)

اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿١١٢ الاخلاص ٢﴾

Allah, the Eternal,the Absolute. (Source of everything). (112:2)

اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے (2:112)

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿١١٢ الاخلاص ٣﴾

He begets not nor was begotten (He has not fathered anyone, nor was He fathered). (112:3)

نہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کا بیٹا (3:112)

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿١١٢ الاخلاص ٤﴾

And there is nothing comparable to Him. (112:4)

اور کوئی اس کا ہمسر نہیں (4:112)

مَیں نے اے میرِ سِپہ! تیری سِپہ دیکھی ہے
'قُل ھو اللہ' کی شمشیر سے خالی ہیں نیام

ضربِ کلیم 017

Chief of warriors, I have witnessed your array;
Their sheaths are devoid of the sword of Say: 'He is Allah'

(Tauheed)

مزید حوالہ

2 البقرہ 116 ، 6 الانعام 101 ، 19 مریم 35
25 الفرقان 2 ، 39 الزمر 4

وَاِنَّ مِنۡهُمۡ لَفَرِيۡقًا يَّلۡوٗنَ اَلۡسِنَتَهُمۡ بِالۡكِتٰبِ لِتَحۡسَبُوۡهُ مِنَ الۡكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ الۡكِتٰبِ ۚ
وَيَقُوۡلُوۡنَ هُوَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ۚ وَيَقُوۡلُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ
وَهُمۡ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۷۸﴾ ﴿۳ آل عمران ۷۸﴾

اور ان (اہل کتاب) میں یقیناً ایسا گروہ بھی ہے جو اپنی کتاب (تورات) کو زبان مروڑ مروڑ کر پڑھتے ہیں تاکہ تم سمجھو کہ جو کچھ وہ پڑھتے ہیں کتاب میں سے ہے حالانکہ وہ کتاب میں سے نہیں ہوتا اور کہتے ہیں کہ وہ اللہ کی طرف سے (نازل ہوا) ہے حالانکہ وہ اللہ کی طرف سے نہیں ہوتا اور یہ تو اللہ پر دانستہ جھوٹ بولتے ہیں۔ (78:3)

And there is a group of them who distort the Scripture with their tongues, that you may think that what they say is from the Scripture, but it is not from (the part of) the Scripture. And they say: It is from Allah, when it is not from Allah; and they speak a lie concerning Allah knowingly. (3:78)

اور یہ اہلِ کلیساء کا نظامِ تعلیم
اک سازش ہے فقط دین و مروّت کے خلاف

ضربِ کلیم 097

This education system of the people of the cross
It's just a conspiracy against the religion and complaisance.

(Deen o Taleem)

مزید حوالہ

2 البقرہ 75 ، 5 المائدہ 77 ، 62 الجمعہ 5

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ۗ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۳ آل عمران ۱۴﴾

لوگوں کو ان کی مرغوب چیزیں یعنی عورتیں اور بیٹے اور سونے اور چاندی کے بڑے بڑے ڈھیر اور نشان لگے ہوئے گھوڑے اور مویشی اور کھیتی باڑی خوش نما معلوم ہوتی ہے (مگر) یہ سب دنیا ہی کی زندگی کا سامان ہے۔ اور اللہ کے پاس تو بہت اچھا ٹھکانا ہے(14:3)

Beautified for mankind is love of the joys (that come) from women and offspring, and stored up heaps of gold and silver, and horses branded (with their mark), and cattle and land. That is comfort of the life of the world. Allah! With Him is a more excellent abode. (3:14)

یہ مال و دولتِ دُنیا یہ رشتہ و پیوند
بتانِ وہم و گماں ! لا اِلٰہ الا اللّٰہ!

ضربِ کلیم 005

The worldly wealth and riches too,
Ties of blood and friends a dream
The idols wrought by doubts untrue,
All save God`s Oneness empty seem

(No God but He)

مزید حوالہ

6 الانعام 32 ، 9 التوبہ 55 ، 11 ہود 16,15
63 المنافقون 9

إِنَّ الَّذِينَ تَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِي أَنْفُسِهِمْ قَالُوا فِيمَ كُنْتُمْ ۖ قَالُوا كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ فِي الْأَرْضِ ۚ قَالُوا
أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوا فِيهَا ۚ فَأُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَسَاءَتْ مَصِيرًا ﴿٩٧﴾

﴿ ٤ النساء ٩٧ ﴾

Surely as for those whom the angels take (in death) while they wrong themselves, (the angels) will ask: In what were you engaged? They will say : We were oppressed in the land. (The angels) will say: Was not Allah's earth spacious that you could have migrated therein? As for such, their habitation will be Hell, an evil journey's end; (4:97)

جولوگ اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں جب فرشتے ان کی جان قبض کرنے لگتے ہیں تو ان سے پوچھتے ہیں کہ تم کس حال میں تھے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم اپنی جگہ کمزور و ناتواں تھے۔ فرشتے کہتے ہیں کیا اللہ تعالیٰ کی زمین کشادہ نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کر جاتے۔ ایسے لوگوں کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور وہ بری جگہ ہے (97:4)

جُرأت ہو نمو کی تو فضا تنگ نہیں ہے
اے مردِ خدا، مُلکِ خدا تنگ نہیں ہے!

ضربِ کلیم 052

If there is pluck for growth, the suburbs suffice;
O man, the world is wide, if you are wise.

(Resignation)

مزید حوالہ

16 النحل 41

اَلَّذِیْنَ یُجَادِلُوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِ اللّٰهِ بِغَیْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْؕ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَ عِنْدَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْاؕ كَذٰلِكَ یَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿۴۰ المومن ۳۵﴾

جولوگ بغیر اس کے کہ ان کے پاس کوئی دلیل آئی ہو اللہ کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں۔ اللہ کے نزدیک اور مومنوں کے نزدیک جھگڑا سخت ناپسند ہے۔ اسی طرح اللہ ہر مغرور سرکش کے دل پر مہر لگا دیتا ہے (35:40)

Those who wrangle concerning the revelations of Allah without any warrant that has come to them, it is greatly hateful in the sight of Allah and in the sight of those who believe. Thus Allah seals off every arrogant, disdainful heart. (40:35)

خود بدلتے نہیں قرآن کو بدل دیتے ہیں
ہوئے کس درجہ فقیہانِ حرم بے توفیق!

ضربِ کلیم 012

The jurists are helpless to such extent
Can't change themselves but would change Quran's content.
How sad, the jurists can't shift their outlook,
But would prefer to change the Holy Book!

(Ijtehad)

مزید حوالہ

2 البقرہ 176,175,174,79 ، 5 المائدہ 44 ، 17 بنی اسرائیل 46,45
18 الکہف 57,56 ، 40 المومن (غافر) 35

وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۭ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ۝
﴿ ۱۸ الکہف ۴۹ ﴾

اور (عملوں کی) کتاب (کھول کر) رکھی جائے گی تو تم گنہگاروں کو دیکھو گے کہ جو کچھ اس میں (لکھا) ہوگا اس سے ڈر رہے ہوں گے۔ اور کہیں گے۔ ہائے شامت یہ کیسی کتاب ہے کہ نہ چھوٹی بات کو چھوڑتی ہے نہ بڑی کو (کوئی بات بھی نہیں) مگر اسے لکھ رکھا ہے۔ اور جو عمل کئے ہوں گے سب کو حاضر پائیں گے۔ اور تمہارا پروردگار کسی پر ظلم نہیں کرے گا (18:49)

And the Book is placed, and you see the guilty fearful of that which is therein, and they say: What Kind of a Book is this that leaves not a small thing or a great thing but has counted it! And they find all that they did confronting them, and your Lord wrongs no one. (18:49)

تری نجات غمِ مرگ سے نہیں ممکن
کہ تُو خودی کو سمجھتا ہے پیکرِ خاکی

ضربِ کلیم 003

Your anguish sharp for Death you can not keep at bay,
Because you deem that self is merely made of clay.

(The prologne)

مزید حوالہ

3آل عمران 106,10 ـ 8 ۔ نفس 37.38 ۔ الاحقاف 34 ـ 42الشوریٰ 47

قَالَ اِنِّیْۤ اُرِیْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَیَّ هٰتَیْنِ عَلٰۤى اَنْ تَاْجُرَنِیْ ثَمٰنِیَ حِجَجٍۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَۚ وَمَاۤ اُرِیْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَیْكَؕ سَتَجِدُنِیْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۲۷﴾

﴿۲۸ القصص ۲۷﴾

اس کے باپ نے (موسیٰ سے) کہا کہ میں چاہتا ہوں اپنی ان دو بیٹیوں میں سے ایک کا تم سے نکاح کر دوں اس (معاہدہ) پر کہ تم آٹھ برس میری خدمت کرو اور اگر دس سال پورے کر دو تو وہ تمہاری مرضی ہے اور میں تم پر تکلیف ڈالنا نہیں چاہتا۔ تم مجھے ان شاء اللہ نیک لوگوں میں سے پاؤ گے (27:28)

He said: I intend to wed you to one of these two daughters of mine on condition that you serve me for (the term of) eight years But if you complete ten years it will be (grace) from you for I would not make it hard for you. Allah willing, you will find me of the righteous. (28:27)

فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖۤ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًاۚ قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّیْۤ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْۤ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿۲۹﴾

﴿۲۸ القصص ۲۹﴾

جب موسیٰ نے مدت پوری کر دی اور اپنے گھر کے لوگوں کو لے کر چلے تو طور کی جانب انہیں آگ دکھائی دی تو اپنے گھر والوں سے کہنے لگے کہ (تم یہاں) ٹھیرو۔ مجھے آگ نظر آئی ہے شاید میں وہاں سے (راستے کا) کچھ پتہ لاؤں یا آگ کا انگارہ لے آؤں تاکہ تاپ سکو (29:28)

Then, when Moses had fulfilled the term, and was travelling with his family, he saw in the distance a fire and said to his house folk: Bide you (here). I see in the distance a fire; I hope I shall bring you some information from there or a brand from the fire that you may warm yourselves. (28:29)

خودی کی پرورش و تربیّت پہ ہے موقوف
کہ مُشتِ خاک میں پیدا ہو آتشِ ہمہ سوز
یہی ہے سرِ کلیمی ہر اک زمانے میں
ہوائے دشتِ و شعیب و شبانیِ شب و روز

ضربِ کلیم 081

If self is bred with perfect care, such force and strength it can acquire
That handful dust of man with ease can set untruths and wrongs afire.
This is the mystery we ascribe to Moses in every age and clime:
He tended the sheep in wilds and learnt from Shoaib to toil and mode sublime.

(Updringing of selfhood)

مزید حوالہ 27 النمل 8,7 ، 28 القصص 23 تا 26

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا
عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۚ أَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطَانُ يَدْعُوهُمْ إِلَىٰ عَذَابِ السَّعِيرِ ﴿٢١﴾
﴿٣١ لقمان ٢١﴾

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) اللہ نے نازل فرمائی ہے اس کی پیروی کرو۔ تو کہتے ہیں کہ ہم تو اسی کی پیروی کریں گے جس پر اپنے باپ دادا کو پایا۔ بھلا اگر چہ شیطان ان کو دوزخ کے عذاب کی طرف بلاتا ہو (تب بھی) (21:31)

And if it be said to them: Follow that which Allah has revealed, they say: No, but we follow that wherein we found our fathers. What! Even though the devil was inviting them to the doom of flame? (31:21)

عشق اب پیروی عقل خدا داد کرے
آبرو کوچہ جاناں میں نہ برباد کرے
کہنہ پیکر میں نئی روح کو آباد کرے
یا کہن روح کو تقلید سے آزاد کرے

ضربِ کلیم 113

Now Love from mind must take the lead,
By God Bestowed on human race
To dear one's lane it must not go
And bring with haste on head disgrace.

Love must infuse new sould in old
Poetic moulds and change their course,
Or break the chains of antique soul,
Set it free from mimetic force.

(Literature)

مزید حوالہ

2 البقرہ 170 ، 7 الاعراف 174,173 ، 16 النحل 35

وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا
وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ .... ﴿٦ الانعام ٧٠﴾ جزء"

اور جن لوگوں نے اپنے دین کو کھیل اور تماشہ بنا رکھا ہے اور دنیا کی زندگی نے
ان کو دھوکے میں ڈال رکھا ہے اور ان سے کچھ کام نہ رکھو ہاں
اس (قران کے) ذریعے سے نصیحت کرتے رہو تاکہ (قیامت کے دن) کوئی اپنے
اعمال کی سزا میں ہلاکت میں نہ ڈالا جائے .... (70:6) جزو

And forsake those who take their religion for a pastime and a jest, and whom the life of the world beguiles. Remind (mankind) hereby lest a soul be destroyed by what it earned. ---------------------- (6:70) PART

چھوڑ یورپ کے لیے رقص بدن کے پیچ و خم
رُوح کے رقص میں ہے، ضربِ کلیم الٰہی
صِلہ اُس رقص کا ہے، بے تشنگیِ کام و دہن
صِلہ اس رقص کا درویشی و شہنشاہی!

ضربِ کلیم 150

The truns and twists required for dance,
Leave to Franks who jumps and bound
When soul is in ecstatic dance,
The strokes likd Moses' Rod resound.
A palate parched and mouth athirst
Are needs that body's dance confers
Whereas soul's rapturous dance,
Derveshhood and mighty realms prefers.

(Raqs)

مزید حوالہ

2البقرہ212 ـ 9التوبہ55 ـ 15الحجر88 ـ 20طٰہٰ131 ـ 40المومن21,82

وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۴﴾

﴿۴۲ الشوریٰ ۱۴﴾

اور یہ لوگ جو الگ الگ ہوئے ہیں تو علم (حق) آچکنے کے بعد آپس کی ضد سے (ہوئے ہیں) اور اگر تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک وقت مقرر تک کے لئے بات قرار نہ پاچکی ہوتی تو ان میں فیصلہ کر دیا جاتا۔ اور جو لوگ ان کے بعد اللہ کی کتاب کے وارث ہوئے وہ اس (کی طرف) سے شبہ کی الجھن میں (پھنسے ہوئے) ہیں (14:42)

And they were not divided until after the knowledge came to them, through rivalry among themselves; and had it not been for a Word that had already gone forth from your Lord for an appointed term, it surely had been judged between them. And those who were made to inherit the Scripture after them are in hopeless doubt concerning it. (42:14)

قوم کیا چیز ہے ، قوموں کی امامت کیا ہے
اس کو کیا سمجھیں یہ بیچارے دو رکعت کے امام!

ضربِ کلیم 017

What is a nation, or how to lead it?—
What clue these leaders of prayers could have of that!

(Tauheed)

مزید حوالہ

2البقرہ 213 ۔ 6الانعام 159
23المومنون 53 ۔ 45الجاثیہ 17

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا
فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ﴿۱۱﴾ ﴿۱۳ الرعد ۱۱﴾

For him are angels ranged before him and behind him who guard him by Allah's command. Allah changes not the condition of a folk until they (first) change that which is in their hearts; and if Allah wills misfortune for a folk there is none that can repel it, nor have they a defender besides Him. (13:11)

اس کے آگے اور پیچھے اللہ کے پہرے دار ہیں جو اللہ کے حکم سے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ اللہ اس (نعمت) کو جو کسی قوم کو (حاصل) ہے نہیں بدلتا جب تک کہ وہ اپنی حالت کو نہ بدلے۔ اور جب اللہ کسی قوم کی سزا کا ارادہ کرتا ہے تو پھر وہ پھر نہیں سکتی۔ اور اللہ کے سوا ان کا کوئی مددگار نہیں ہوتا (11:13)

اُس کی تقدیر میں محکومی و مظلومی ہے
قوم جو کر نہ سکی اپنی خودی سے انصاف

ضربِ کلیم 097

That nation is doomed to bondage and much pain,
Which can't do justice to its own ego can`t attain.

(Deen o Taleem)

مزید حوالہ

8 الانفال 53 ، 10 یونس 13 ، 11 ھود 116 ، 28 القصص 59

زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٢١٢﴾ ﴿٢ البقرة ٢١٢﴾

اور جو کافر ہیں ان کے لئے دنیا کی زندگی خوشنما کر دی گئی ہے اور وہ مومنوں سے مذاق کرتے ہیں لیکن جو پرہیز گار ہیں وہ قیامت کے دن ان پر غالب ہوں گے اور اللہ جس کو چاہتا ہے بے شمار رزق دیتا ہے (212:2)

Beautified is the life of the world for those who disbelieve; they make a jest of the believers. But those who keep their duty to Allah will be above them on the Day of Resurrection. Allah gives without stint to whom He wills. (2:212)

مشرق سے ہو بیزار ، نہ مغرب سے عذر کر
فِطرت کا اشارہ ہے کہ ہر شب کو سحر کر!

ضربِ کلیم 117

Don`t shun the East, nor look on West with scorn,
Since Nature yearns for change of night to morn.

(Shua-e-Umeed)

مزید حوالہ

9 التوبہ 55 ، 15 الحجر 88 ، 40 المؤمن 82,21

مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ﴿٦٢ الجمعة ٥﴾

جن لوگوں کو تورات پر عمل کرنے کا حکم دیا تھا پھر انہوں نے اس پر عمل نہ کیا ان کی مثال گدھے کی سی ہے جس پر بڑی بڑی کتابیں لدی ہوں جو لوگ اللہ کی آیتوں کی تکذیب کرتے ہیں ان کی مثال بری ہے اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا (5:62)

The likeness of those who are entrusted with the Law of Moses, yet apply it not, are as the likeness of the ass carrying books. Wretched is the likeness of folk who deny the revelations of Allah. And Allah guides not wrongdoing folk. (62:5)

مجھ کو معلوم ہے پیرانِ حرم کا انداز
ہو نہ اخلاص تو دعوئے نظر لاف و گزاف

ضربِ کلیم 097

I know the style of those who guide the creed,
Though lacking sincerity, they boast of vision indeed.

(Deen o Taleem)

مزید حوالہ

2 البقرہ 44 ، 26 الشعراء 226 ، 61 الصف 3,2

وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿٢٠ طه ٩﴾

And I have chosen you, so listen to that which is inspired. (20:13)

اور کیا تمہیں موسیٰ (کے حال) کی کچھ خبر ملی ہے (9:20)

اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّیْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْٓ
اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَی النَّارِ هُدًی ﴿٢٠ طه ١٠﴾

When he saw a fire and said to his family, Wait! I see a fire afar off, perhaps I may bring you a burning brand therefrom or may find guidance at the fire. (20:10)

جب انہوں نے ایک آگ دیکھی تو اپنے گھر کے لوگوں سے کہا کہ تم (یہاں) ٹھہرو۔ میں نے آگ دیکھی ہے (میں وہاں جاتا ہوں) شاید اس میں سے میں تمہارے پاس انگارہ لاؤں یا آگ (کے مقام) مجھے کوئی رہنمائی مل جائے (10:20)

فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِیَ یٰمُوْسٰی ﴿٢٠ طه ١١﴾

And when he reached it, he was called by name: O Moses! (20:11)

جب وہاں پہنچے تو آواز آئی کہ اے موسیٰ (11:20)

اِنِّیْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَیْكَ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًی ﴿٢٠ طه ١٢﴾

I, even I, am your Lord. So put off your shoes, for you are in the sacred valley of Tuwa. (20:12)

اے موسیٰ! میں ہی تو تمہارا پروردگار ہوں تم اپنی جوتیاں اتار دو۔ تم (یہاں) پاک وادی طویٰ میں ہو (12:20)

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا یُوْحٰی ﴿٢٠ طه ١٣﴾

Has there come to you the story of Moses? (20:9)

اور میں نے تم کو چن لیا ہے تو جو کچھ وحی کی جائے اسے سنو (13:20)

دم عارف نسیم صبحدم ہے
اِسی سے ریشہء معنی میں نم ہے
اگر کوئی شعیب آئے میسر
شبانی سے کلیمی دو قدم ہے

ضرب کلیم 116

The mystic's soul is like the morning breeze:
It freshens and renews life's inner meaning:
An illumined soul can be a shepherd's, who
Could hear the Voice of God at God's command.

(Tiyazar)

مزید حوالہ

10تا8 نمل 27   29,31,36 قصص 28

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ
مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ لَا تَخَافُوْنَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۲۷﴾

﴿٤٨ الفتح ٢٧﴾

Allah has fulfilled the vision for His messenger in very truth. You shall indeed enter the Inviolable Place of Worship, if Allah wills, with minds secure. Heads shaved, Hair cut short, with no fear. For He knows that which you know not, and has given you a speedy victory beforehand. (48:27)

بے شک اللہ نے اپنے پیغمبر کو سچا (اور) صحیح خواب دکھایا کہ ان شاء اللہ تم تو مسجد حرام میں اپنے سر منڈوا کر اور اپنے بال کترواکر امن وامان سے داخل ہوگے اور کسی طرح کا خوف نہ کرو گے۔ جو بات تم نہیں جانتے تھے اللہ کو معلوم تھی سو اس نے اس سے پہلے ہی جلد فتح عطا فرمائی (27:48)

زندہ دل سے نہیں پوشیدہ ضمیرِ تقدیر
خواب میں دیکھتا ہے عالمِ نو کی تصویر
اور جب بانگِ اذاں کرتی ہے بیدار اُسے
کرتا ہے خواب میں دیکھی ہوئی دنیا تعمیر
بدن اس تازہ جہاں کا ہے اُسی کی کفِ خاک
روح اس تازہ جہاں کی ہے اُسی کی تکبیر

ضربِ کلیم 143

Decrees of Fate are not concealed from a living heart;
He sees the image of New World in his dreams.

And when the prayer call awakens him every morning;
He starts building the world of his dream

The body of this dream world will be the dust of his hands;
The spririt, his slogan "God is Great !"

(New World)

مزید حوالہ

17 بنی اسرائیل **80** ـ **110** النصر **1** تا **3**

هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَیُزَکِّیْهِمْ وَیُعَلِّمُهُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَةَ وَاِنْ کَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿٦٢ الجمعة ٢﴾

وہی تو ہے جس نے ان پڑھوں یعنی انہی میں سے (محمدؐ کو) پیغمبر (بنا کر) بھیجا جو ان کے سامنے اس کی آیتیں پڑھتے اور ان کی زندگی سنوارتے ہیں اور (اللہ کی) کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں اور اس سے پہلے تو یہ لوگ کھلی گمراہی میں تھے (2:62)

He is the one Who has sent among the unlettered ones a messenger of their own, to recite to them His revelations and to make them purify, and to teach them the Scripture and Wisdom, though previously they were indeed in error manifest, (62:2)

روشن اس ضَو سے اگر ظلمتِ کردار نہ ہو
خود مسلماں سے ہے پوشیدہ مسلماں کا مقام

ضربِ کلیم 017

If its glory doesn't make the darkness of character radiant,
Muslim cannot judge his elevated position.

(Oneness of God)

مزید حوالہ

2 البقرہ 151 ، 3 آل عمران 164,31 ، 33 الاحزاب 46,45

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۭ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝

﴿۲۹ العنکبوت ۶۳﴾

اور اگر تم ان سے پوچھو کہ آسمان سے پانی کس نے برسایا پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد (کس نے) زندہ کیا تو کہہ دیں گے کہ اللہ نے۔ کہہ دو کہ اللہ کا شکر ہے۔ لیکن ان میں سے اکثر نہیں سمجھتے (63:29)

And if you were to ask them: Who causes water to come down from the sky, and therewith revives the earth after its death? They would say: Allah. Say: Praise be to Allah! But most of them have no sense. (29:63)

تقدیر کے پابند نباتات و جمادات
مومن فقط احکامِ الٰہی کا ہے پابند

ضربِ کلیم 068

Vegetables and minerals alike adhere to what Fate pre ordains:
True Muslim only obeys laws of God.

(Ahkam e Elahi)

مزید حوالہ

2 البقرہ 4,3 ، 6 الانعام 99 ، 24 النور 51 ، 57 الحدید 25

وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ۙ۬ اَنِّیْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰیَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّیْۤ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّیْنِ كَهَیْـَٔةِ الطَّیْرِ فَاَنْفُخُ فِیْهِ فَیَكُوْنُ طَیْرًۢا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَ اُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ وَ اُحْیِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَ اُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَ مَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِیْ بُیُوْتِكُمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۚ۝۴۹

﴿۳ آل عمران ۴۹﴾

اور جب (عیسیٰ) نبی اسرائیل کی طرف پیغمبر (ہو کر جائیں گے اور کہیں گے) کہ میں تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نشانی لے کر آیا ہوں وہ یہ کہ تمہارے سامنے پرندے کی شکل کی طرح مٹی کا پرندہ بناتا ہوں پھر اس میں پھونک مارتا ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے (سچ مچ) پرندہ بن جاتا ہے۔ اور مادر زاد (پیدائشی) اندھے اور کوڑھ والے کو تندرست کر دیتا ہوں۔ اور اللہ کے حکم سے مردے میں جان ڈال دیتا ہوں۔ اور جو کچھ تم کھا کر آتے ہو اور جو اپنے گھروں میں جمع کر رکھتے ہو سب تمہیں بتا دیتا ہوں اگر تم صاحب ایمان ہو تو ان باتوں میں تمہارے لئے (قدرت اللہ کی) کافی نشانی ہے (49:3)

And Allah will appoint him a messenger to the Children of Israel, (saying): I come to you with a Sign from your Lord. I fashion for you out of clay the likeness of a bird, and I breath into it and it is a bird, by Allah's permission. I heal him who was born blind, and the leper, and I raise the dead, by Allah's permission. And I declare to you what you eat and what you store up in your houses. Herein certainly is a portent for you, if you are (true) believers. (3:49)

جہاں گرچہ دِگر گُوں ہے، قُم بِاذن اللہ
وہی زمیں، وہی گردوں ہے، قُم بِاذن اللہ

ضربِ کلیم 070

Though change so great has swept the world,
There is no need to grieve or smart:
The same the earth and same the skies,
By Grace of God, rise! Play your part! (Qum bi Izinillah)

مزید حوالہ

5 المائدہ 110

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِأَيْدِيْهِمْ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ
ثَمَنًا قَلِيْلًا فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ﴿۲ البقرة ۷۹﴾

توان لوگوں پر افسوس ہے جو اپنے ہاتھ سے تو کتاب لکھتے
ہیں اور کہتے یہ ہیں کہ یہ اللہ کے پاس سے (آئی) ہے
تاکہ اس کے عوض تھوڑی سی قیمت (یعنی دنیاوی فائدہ)
حاصل کریں۔ ان پر افسوس ہے اس لئے کہ (بے اصل
باتیں) اپنے ہاتھ سے لکھتے ہیں اور (پھر) ان پر افسوس
ہے اس لئے کہ ایسے کام کرتے ہیں (79:2)

Therefore woe be to those who write the Scripture with their hands and then say, "This is from Allah," that they may purchase a small gain therewith. Woe to them for that their hands have written, and woe to them for that they earn thereby. (2:79)

قرآن کو بازیچہء تادیل بنا کر
چاہے تو خود ایک شریعت کرے ایجاد

ضربِ کلیم 064

Can make the Holy Book the sport of boys,
And can with ease devise new faiths like toys.
(Aazadi)

مزیدحوالہ

2 البقرہ 79, 159, 175, 176

5 المائیدہ 40,44 - المومن 35

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ
وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ
كُلٌّ يَّجْرِىْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۗ اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿۵﴾ ﴿۳۹ الزمر ۵﴾

اس نے آسمانوں اور زمین کو تدبیر کے ساتھ پیدا کیا ہے (اور) وہی رات کو دن پر لپیٹتا
اور دن کو رات پر لپیٹتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند کو کام میں لگا رکھا ہے
ہر ایک وقت مقرر تک چل رہا ہے۔ یقین مانو کہ وہی غالب (اور) گناہوں کا بخشنے والا ہے
(5:39)

He has created the heavens and the earth with truth. He makes night to succeed day, and He makes day to succeed night, and He has made the Sun and the Moon subservient (to His laws) each running for an appointed term. Is not He the Mighty, The Forgiving? (39:5)

یہ نغمہ فصلِ گُل و لالہ کا نہیں پابند
بہار ہو کہ خزاں لَا اِلٰهَ اِلَّا الله!

ضربِ کلیم 005

These melodious songs are not confined
To Time when rose and tulip bloom
Whatever the season of year be
No god but He must ring till doom.
(No God but He)

مزید حوالہ

6الانعام 96 ۔ 14ابراہیم 24,25 ۔ 21الانبیاء 33
36یٰسین 39 ۔ 41حٰم السجدہ 39 ۔ 55الرحمٰن 5تا13

ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلَىٰٓ اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ
وَجَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ۭ وَرَهْبَانِيَّةَۨ ابْتَدَعُوْهَا
مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَاۗءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ
فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٢٧﴾ ﴿٥٧ الحديد ٢٧﴾

پھران کے پیچھے انہی کے نشانات پر (اور) پیغمبر بھیجے اور ان کے پیچھے مریم کے بیٹے عیسیٰ کو بھیجا اور ان کو انجیل عنایت کی اور جن لوگوں نے ان کی پیروی کی ان کے دلوں میں شفقت اور رحم پیدا کر دیا۔ اور رہبانیت دنیاوی معمولات سے کنارہ کشی تو انہوں نے خود ایک نئی بات نکال لی ہم نے انہیں اس کا حکم نہیں دیا تھا مگر اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے پھر جیسا اس کو نباہنا چاہئے تھا نباہ بھی نہ سکے پس جو لوگ ان میں سے ایمان لائے انہیں ہم نے ان کا اجر دیا۔ اور ان میں بہت سے نافرمان ہیں (27:57)

Then We caused Our messengers to follow in their footsteps; and We sent after them Jesus, son of Mary, to follow, and bestowed upon him the Gospel, and placed compassion and mercy in the hearts of those who followed him. But monasticism they invented for themselves, We ordained it not for them. Only for seeking Allah's pleasure, and they observed it not with right observance. So We bestowed those of them who believed in their reward, but many of them are rebellious transgressors. (57:27)

فطرت کے تقاضوں پہ نہ کر راہِ عمل بند
مقصود ہے کچھ اور ہی تسلیم و رِضا کا

ضربِ کلیم 052

Don't bar the path to deeds for Nature's claims,
Submission to Will of God has different aims.

(Resignation)

مزید حوالہ

24 النور 22 ، 68 القلم 21 تا 33

فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوٰهَا ﴿٩١ الشمس ٨﴾
پھر اس کو بدکاری (سے بچنے) اور پرہیزگاری کرنے کی سمجھ دی (8:91)
And inspired it (with conscience of) what is wrong for it and (what is) right for it. (91:8)

قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ﴿٩١ الشمس ٩﴾
کہ جس نے (اپنے) نفس (یعنی روح) کو پاک رکھا وہ مراد کو پہنچا (9:91)
He is indeed successful who causes it to grow, (91:9)

وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ﴿٩١ الشمس ١٠﴾
اور جس نے اسے خاک میں ملایا وہ ناکام رہا (10:91)
And he is indeed a failure who stunts it. (91:10)

جس بندۂ حق بیں کی خودی ہو گئی بیدار
شمشیر کی مانند ہے بُرّندہ و برّاق

ضربِ کلیم 080

The Truth seeking man whose self has awakened
Is like a sword which is cutting and brilliant.

(Awakening)

مزید حوالہ

3 آل عمران 200 ، 58 المجادلہ 22

وَهِيَ تَجْرِي بِهِمْ فِي مَوْجٍ كَالْجِبَالِ وَنَادَىٰ نُوحٌ ابْنَهُ وَكَانَ فِي مَعْزِلٍ يَا بُنَيَّ ارْكَب مَّعَنَا وَلَا تَكُن مَّعَ الْكَافِرِينَ ﴿١١ هود ٤٢﴾

And Ark sailed with them on the waves like mountains, and Noah cried to his son who had separated himself from the rest. O my son! Come and embark with us, and be not with the disbelievers. (11:42)

اور وہ کشتی ان کو لے کر (طوفان کی) لہروں میں چلنے لگی (لہریں کیا تھیں) گویا پہاڑ (تھے) اس وقت نوح نے اپنے بیٹے کو جو کہ (کشتی سے) الگ کنارے پر تھا پکارا بیٹا ہمارے ساتھ سوار ہو جاؤ کافروں میں شامل نہ ہو (42:11)

قَالَ سَآوِي إِلَىٰ جَبَلٍ يَعْصِمُنِي مِنَ الْمَاءِ ۚ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ إِلَّا مَن رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِينَ ﴿١١ هود ٤٣﴾

He replied: I shall betake (take refuge) myself to some mountains that will save me from the water. (Noah) said: This day there is none that save from the Commandment of Allah except him on whom He has mercy. And then a wave came in between them, and the son was among the drowned. (11:43)

اس (بیٹے) نے جواب دیا میں کسی بڑے پہاڑ کی طرف پناہ میں آ جاؤں گا جو مجھے پانی سے بچا لے گا نوحؑ نے کہا آج اللہ کے امر سے کوئی بچانے والا نہیں صرف وہی بچیں گے جن پر اللہ کا رحم ہوا۔ اتنے میں دونوں کے درمیان موج حائل ہو گئی اور وہ ڈوبنے والوں میں سے ہو گیا۔ (43:11)

نمود جس کی فرازِ خودی سے ہو، وُہ جمیل
جو ہو نشیب میں پیدا، قبیح و نا محبوب!

ضربِ کلیم 087

If self has reached the height, its acts are fine,
Debased, its deeds as good one can't define.

(Foul and fair)

مزید حوالہ

7الاعراف58 تا84 ـ 27النمل54 تا57 ـ 66التحریم10

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٦٥ الطلاق ٨﴾

And how many a communities revolted against the ordinance of their Lord and His messenger, and We called them to a stern account and punished them with dire punishment. (65:8)

اور بہت سی بستیوں (کے رہنے والوں) نے اپنے پروردگار اور اس کے پیغمبروں کے احکام سے سرکشی کی تو ہم نے ان کو سخت حساب میں پکڑ لیا اور ان پر (ایسا) عذاب نازل کیا جو نہ دیکھا تھا نہ سنا (8:65)

فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهَا خُسْرًا ﴿٦٥ الطلاق ٩﴾

So that they tasted the ill effects of their conduct, and the consequence of their conduct was loss. (65:9)

سو انہوں نے اپنے کاموں کی سزا کا مزہ چکھ لیا اور ان کا انجام نقصان ہی تو تھا (9:65)

اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِى الْاَلْبَابِ ۚ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ﴿٦٥ الطلاق ١٠﴾

Allah has prepared for them stern punishment: so keep your duty to Allah. O men of understanding! O you who believe! Now Allah has sent down to you a reminder. (65:10)

اللہ نے ان کے لئے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے۔ تو اے ارباب دانش جو ایمان لائے ہو اللہ سے ڈرو۔ اللہ نے تمہارے پاس نصیحت (کی کتاب) بھیجی ہے (10:65)

انجامِ خرد ہے بے حضوری
ہے فلسفہ زندگی سے دُوری!

ضربِ کلیم 008

Intellect leads a man from God astray,
Philosophy from grasping facts keeps away.

(Admonition to a philosophy stricken sayyid)

مزید حوالہ

9 التوبہ 70 ، 40 المومن (غافر) 5

ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ وَجَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ۭ وَرَهْبَانِيَّةَۨ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَاۗءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٢٧﴾

﴿٥٧ الحديد ٢٧﴾

Then We caused Our messengers to follow in their footsteps; and We sent after them Jesus, son of Mary, to follow, and bestowed upon him the Gospel, and placed compassion and mercy in the hearts of those who followed him. But monasticism they invented for themselves, We ordained it not for them. Only for seeking Allah's pleasure, and they observed it not with right observance. So We bestowed those of them who believed in their reward, but many of them are rebellious transgressors. (57:27)

پھران کے پیچھے انہی کے نشانات پر (اور) پیغبر بھیجے اور ان کے پیچھے مریم کے بیٹے عیسیٰ کو بھیجا اور ان کو انجیل عنایت کی اور جن لوگوں نے ان کی پیروی کی ان کے دلوں میں شفقت اور رحم پیدا کر دیا۔ اور رہبانیت دنیاوی معمولات سے کنارہ کشی تو انہوں نے خود ایک نئی بات نکال لی ہم نے انہیں اس کا حکم نہیں دیا تھا مگر اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے پھر جیسا اس کو نباہنا چاہئے تھا نباہ بھی نہ سکے پس جو لوگ ان میں سے ایمان لائے انہیں ہم نے ان کا اجر دیا۔ اور ان میں بہت سے نافرمان ہیں (27:57)

سکُون پرستیِ راہب سے فقر ہے بیزار
فقیر کا ہے سفینہ ہمیشہ طوفانی!
پسند رُوح و بدن کی ہے وا نمود اس کو
کہ ہے نہایتِ مومن خودی کی عُریانی

ضربِ کلیم 050

Faqr has a loathing great for monkish ease;
Its boat is ever tossed by stormy seas.
He yearns to put to test his frame and soul,
Display of self is his main aim and goal.

(Faqr and monkery)

مزید حوالہ

2 البقرہ 198 ، 78 النباء 11,9 ، 73 المزمل 20 ، 94 النشرح 8,7

يَاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِىْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ وَنُقِرُّ فِى الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا------
-------﴿۲۲ الحج ۵﴾ جزء"

لوگو اگر تم کو (مرنے کے بعد) جی اٹھنے میں کچھ شک ہو تو ہم نے تم کو (پہلی بار بھی تو) پیدا کیا تھا (یعنی ابتدا میں) مٹی سے پھر اس سے نطفہ بنا کر۔ پھر اس سے خون کا لوتھڑا بنا کر پھر۔ اس سے گوشت کا ٹکڑا بنا کر جس کی بناوٹ کامل بھی ہوتی ہے اور ناقص بھی تاکہ تم پر (اپنی تخلیق کی قدرت) ظاہر کر دیں۔ اور ہم جس کو چاہتے ہیں ایک میعاد مقرر تک پیٹ میں ٹھہرائے رکھتے ہیں پھر تم کو بچہ بنا کر نکالتے ہیں۔------------(5:22) جزو

O mankind! If you are in doubt concerning the Resurrection, then We have created you from dust, then from a drop of semen, then from a clot, then from a little lump of flesh (tissue) complete and incomplete, (partly formed and partly unformed) so, that We may manifest (Our power) to you. And We cause what We wish to remain in the wombs for an appointed term, and afterward We bring you forth as infants, (babies)---- ------------------ (22:5) PART

آغوشِ صدف جس کے نصیبوں میں نہیں ہے
وہ قطرۂ نیساں کبھی بنتا نہیں گوہر

ضربِ کلیم 102

That vernal drop of rain
The state of pearl can't gain
If destined not to dwell,
In lap of mother shell.

(Solitude)

مزید حوالہ

23 المومنون 13,14 ۔ 39 الزمر 6 ۔ 53 النجم 46 ۔ 75 القیامہ 37,38,39

إِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِى التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ
اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِىْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١١١﴾

﴿٩ التوبة ١١١﴾

No doubt Allah has bought from the believers their lives and their wealth because the Garden will be theirs: they shall fight in the way of Allah and shall slay and be slain. It is a promise, which is binding on Him in the Torah and the Gospel and the Quran. Who fulfills his covenant better than Allah? Rejoice then in your bargain that you have made, for that is the Supreme triumph. (9:111)

بے شک اللہ نے مومنوں سے ان کی جانیں اور ان کے مال خرید لئے ہیں (اور اس کے) بدلے میں ان کو جنت ملے گی یہ لوگ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں تو مارتے بھی ہیں مارے جاتے بھی ہیں۔ یہ تورات اور انجیل اور قرآن میں سچا وعدہ ہے جس کا پورا کرنا اسے ضرور ہے۔ اور اللہ سے زیادہ وعدہ پورا کرنے والا کون ہے ؟ تو جو سودا تم نے اس سے کیا ہے اس سے خوش رہو۔ اور یہی بڑی کامیابی ہے (9:111)

سُرور جو حق و باطل کی کارزار میں ہے
تو حرب و ضرب سے بیگانہ ہو تو کیا کہیے!

ضربِ کلیم 053

None can appraise the glee one gets,
When war is on 'twixt good and bad:
He who can't inflict deadly blows
And strokes in war is never glad.

(Unity of God)

مزید حوالہ

2 البقرہ 216,207 ، 3 آل عمران 157 ، 4 النساء 75,74
8 الانفال 60 ، 9 التوبہ 20 ، 61 الصف 12,10

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ① ﴿۸۷ الاعلیٰ ۱﴾

(اے پیغمبر) اپنے اللہ بزرگ و برتر کے نام کی تسبیح کرو (1:87)

Who has measured, then guided; (87:3)

وَالَّذِیْ قَدَّرَ فَهَدٰی ③ ﴿۸۷ الاعلیٰ ۳﴾

اور جس نے ٹھیک ٹھاک اندازہ کیا (پھر اس کو) راستہ دکھایا (3:87)

Praise the name of your Lord the Most High, (87:1)

مقامِ فکر ہے پیمائش زمان و مکاں
مقامِ ذکر ہے سبحان ربیّ الاعلیٰ!

ضربِ کلیم 014

To measure time and space is the station of fikr,
to recite: Exalted be my Lord, Most High is the
station of dhikr.

(Dhikr and Fikr)

مزید حوالہ

3 آل عمران 191 ، 22 الحج 18

41 حٰم السجدہ 38,37 ، 46 الاحقاف 33 ، 57 الحدید 4

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا وَلَا يَهْتَدُونَ ﴿١٧٠﴾ ﴿٢ البقرة ١٧٠﴾

اور جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) اللہ نے نازل فرمائی ہے اس کی پیروی کرو تو کہتے ہیں (نہیں) بلکہ ہم تو اسی چیز کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔
بھلا اگرچہ ان کے باپ دادا نہ کچھ سمجھتے ہوں اور نہ سیدھے راستے پر ہوں
(تب بھی انہی کی تقلید کئے جائیں گے) (170:2)

And when it is said to them: Follow that which Allah has revealed, they say: We follow that wherein we found our fathers. What! Even though their fathers were wholly unintelligent and had no guidance? (2:170)

تقلید سے ناکارہ نہ کر اپنی خودی کو
کر اس کی حفاظت کہ یہ گوہر ہے یگانہ

ضربِ کلیم 191

Don't spoil your khudi through imitation of others,
Protect it, for it is of incomparable worth.

(Reflections of Mihrab Gul Afghan)

مزید حوالہ

7 الاعراف 3 ، 43 الزخرف 23

قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُونُ لِزَامًا ﴿٢٥ الفرقان ٧٧﴾

کہہ دیجئے کہ اگر تم (اللہ کو) نہیں پکارتے تو میرا پروردگار بھی تمہاری کچھ پرواہ نہیں کرتا
تم جھٹلا چکے سو اس کی سزا (تمہارے لئے) لازم ہوگی (77:25)

Say (O Muhammad, to the disbelievers): My Lord would not care about but for your prayer. And as now you have denied (the Truth), therefore there will be inevitable (Punishment). (25:77)

تری نگاہ میں ثابت نہیں خُدا کا وجود
مری نگاہ میں ثابت نہیں وجود ترا

ضربِ کلیم 028

To your mind God's existence seems unproved:
Your own existence seems not proved to mine.
(Dazzled by europe)

مزید حوالہ

3 آل عمران 176 ، 35 فاطر 39,15 ، 47 محمد 38 ، 60 الممتحنہ 6

وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿۷۹﴾

﴿۱۷ بنی اسرائیل ۷۹﴾

رات کے کچھ حصہ میں بیدار ہوا کریں (تہجد کی نماز پڑھا کریں) یہ شب بیداری کی زیادتی آپ کے لئے ہے قریب ہے کہ اللہ آپ کو مقام محمود میں داخل کرے (79:17)

And some part of the night awake for additional prayer. It may be that your Lord will raise you to a station of Praise and Glory .(17:79)

یہ سحر جو کبھی فردا ہے کبھی ہے امروز
نہیں معلوم کہ ہوتی ہے کہاں سے پیدا
وہ سحر جس سے لرزتا ہے شبستانِ وجود
ہوتی ہے بندۂ مومن کی اذاں سے پیدا

ضربِ کلیم 004

The morn that shifts so soon tomorrow new,
Whence it comes is only known to few:
The dark abode of being is shook by morn,
Which by Muslim's call to prayer is born.

(Dawn)

مزید حوالہ

5 المائدہ 58 ، 26 الشعراء 218 220

39 الزمر 9 ، 73 المزمل 8,7,6,2 ، 76 الدھر 26,25

إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ ﴿٤﴾ ﴿٥٣ النجم ٤﴾

یہ (قرآن) تو وحی جو (ان کی طرف) اتاری جاتی ہے۔(4:53)

So did Allah conveyed the inspiration to His slave what he (meant) to convey. (53:10)

فَأَوْحَىٰ إِلَىٰ عَبْدِهِ مَا أَوْحَىٰ ﴿١٠﴾ ﴿٥٣ النجم ١٠﴾

(پس اس) اللہ نے اپنے بندے کو وحی پہنچائی جو اسے پہنچانی تھی (10:53)

It is nothing except an inspiration that is sent down to him. (53:4)

ہمسایہ جبریل امین، بندۂ خاکی
ہے اس کا نشیمن، نہ بخارا نہ بدخشاں

ضرب کلیم 062

With Gabriel trusted and steadfast
This clay born man has kinship close:
A dwelling in some land or clime
For himself Muslim never chose.
(A Muslim)

مزید حوالہ

16 النحل 102 ، 26 الشعراء 192 تا 194 ، 53 النجم 5 تا 11

وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾

﴿۴۱ حٰم سجدة ۲۲﴾

اور تم اس (بات کے خوف) سے تو پردہ نہیں کرتے تھے کہ تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں اور چمڑے تمہارے خلاف شہادت دیں گے بلکہ تم یہ خیال کرتے تھے کہ اللہ کو تمہارے بہت سے عملوں کی خبر ہی نہیں (22:41)

You did not hide yourselves lest your ears and your eyes and your skins should testify against you, but you deemed that Allah knew not much of what you did. (41:22)

زمانہ اپنے حوادث چھپا نہیں سکتا
ترا حجاب ہے قلب و نظر کی ناپاکی

ضربِ کلیم 003

Time can conceal mishaps at all from you,
Alas! your heart and soul are foul and are not true.
(Tamheed)

مزید حوالہ

24 النور 31,30 ، 40 المومن (غافر) 19

وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ
وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٨ الانفال ٦٠﴾

اور جہاں تک ہو سکے (فوج کی قوت سے) اپنی بھر پور قوت سے اور گھوڑوں کو تیار رکھنے سے ان کے (مقابلے کے) لئے (تیار) رہو کہ اس سے تم اللہ کے دشمنوں کو خوف زدہ رکھ سکو اور ان کے سوا اوروں کو بھی جنہیں تم نہیں جانتے اللہ انہیں خوب جان رہا ہے۔ اور تم جو کچھ اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے اس کا ثواب تم کو پورا پورا دیا جائیگا اور تمہارا حق بھی نہیں مارا جائے گا (60:8)

Prepare any (military) strength you can muster against them and any cavalry posts that thereby you may dismay the enemy of Allah and your enemy, and others besides them whom you know not. Allah knows them. Whatsoever you spend in the way of Allah it will be repaid to you in full, and you will not be wronged. (8:60)

جب تک نہ زندگی کے حقائق پہ ہو نظر
تیرا زُجاج ہو نہ سکے گا حریفِ سنگ

ضربِ کلیم 002

Your glass can never match the stony rock,
Unless of facts with care you take the stock.
(To Readers)

مزید حوالہ

2 البقرہ 194 ، 9 التوبہ 123 ، 22 الحج 39 ، 61 الصف 4

وَاَنۡ لَّيۡسَ لِلۡاِنۡسَانِ اِلَّا مَا سَعٰىۙ ﴿۵۳ النجم ۳۹﴾

اور یہ کہ انسان کو وہی ملتا ہے جس کی وہ کوشش کرتا ہے (39:53)

And afterward he will be repaid for it with fullest payment; (53:41)

وَاَنَّ سَعۡيَهٗ سَوۡفَ يُرٰىۖ ﴿۵۳ النجم ۴۰﴾

اور یہ کہ اس کی کوشش دیکھی جائے گی (40:53)

And that his effort will be seen, (53:40)

ثُمَّ يُجۡزٰٮهُ الۡجَزَآءَ الۡاَوۡفٰىۙ ﴿۵۳ النجم ۴۱﴾

پھر اس کو اس کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا (41:53)

And that man has only that for which he makes effort, (53:39)

بے محنت پیہم کوئی جوہر نہیں کھلتا
روشن شررِ تیشہ سے ہے خانہء فرہاد!

ضربِ کلیم 144

Without resort to incessant strife
No skill or art completion gains:
If Farhad does not hew the rocks,
No sparks flash, dark his house remains!

(Invention of new meanings)

مزید حوالہ

8 الانفال 53 ، 13 الرعد 11 ، 29 العنکبوت 6 ، 45 الجاثیہ 15

وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ
وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ۗ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٦٠﴾ ﴿٨ الانفال ٦٠﴾

Prepare any (military) strength you can muster against them and any cavalry posts that thereby you may dismay the enemy of Allah and your enemy, and others besides them whom you know not. Allah knows them. Whatsoever you spend in the way of Allah it will be repaid to you in full, and you will not be wronged. (8:60)

اور جہاں تک ہو سکے (فوج کی قوت سے) اپنی بھر پور قوت سے اور گھوڑوں کو تیار رکھنے سے ان کے (مقابلے کے) لئے (تیار) رہو کہ اس سے تم اللہ کے دشمنوں کو خوف زدہ رکھ سکو اور ان کے سوا اوروں کو بھی جنہیں تم نہیں جانتے اللہ انہیں خوب جان رہا ہے۔ اور تم جو کچھ اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے اس کا ثواب تم کو پورا پورا دیا جائیگا اور تمہارا حق بھی نہیں مارا جائے گا (60:8)

شاہیں کبھی پرواز سے تھک کر نہیں گرتا
پُر دم ہے اگر تُو، تو نہیں خطرہ اُفتاد

ضربِ کلیم 077

The hawk is never tired of flight,
Does not drop gasping on the ground:
If unwearied it remains on wings,
From hunters dread is safe and sound
(Open Secrets)

مزید حوالہ

4 النساء 104 ، 8 الانفال 39,26 ، 61 الصف 4

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩ التوبة ١٢٨﴾

(لوگو) تمہارے پاس تم ہی سے ایک پیغمبر آئے ہیں۔تمہاری تکلیف ان کوسخت معلوم ہوتی ہے اور تمہاری بھلائی کے بہت خواہشمند ہیں اور مومنوں پر نہایت شفقت کرنے والے (اور) مہربان ہیں (128:9)

There has come to you a messenger, (one) of yourselves, to whom anything that you are overburdened is grievous, full of concern for you, for the believers full of pity, merciful. (9:128)

اُس کی نفرت بھی عمیق، اُس کی محبت بھی عمیق
قہر بھی اِس کا ہے اللہ کے بندوں پہ شفیق

ضربِ کلیم 142

His contempt has no bound
His Love's depth none can sound:
His wrath on men of God
Is tempered in manner odd.

(The Great Man)

مزید حوالہ
3 آل عمران 159

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَنْ تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تَشْعُرُونَ ﴿٢﴾

﴿٤٩ الحجرات ٢﴾

اے اہل ایمان اپنی آوازیں پیغمبر کی آواز سے اونچی نہ کرو۔ اور جس طرح آپس میں ایک دوسرے سے زور سے بولتے ہو (اس طرح) ان کے سامنے زور سے نہ بولا کرو (ایسا نہ ہو) کہ تمہارے اعمال ضائع ہو جائیں اور تم کو خبر بھی نہ ہو (2:49)

O you who believe! Lift not up your voices above the voice of the Prophet, nor shout when speaking to him as you shout one to another, lest your deeds be rendered vain while you perceive not. (49:2)

فیض نظر کے لیے ضبط سخن چاہیے
حرفِ پریشاں نہ کہہ اہلِ نظر کے حضور

ضربِ کلیم 051

You ought to keep your words within control,
If you seek the bounteous glance of guide:
When you talk with those who insight own,
Be courteous much, by conduct nice abide

(Ghazal)

مزید حوالہ

49 الحجرات 3,1

وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۷ الاعراف ۱۷۹﴾

Already We have urged to hell many of the jinn and humankind, having hearts wherewith they understand not, and having eyes wherewith they see not, and having ears wherewith they hear not. These are as the cattle, But they are worse! These are the neglectful. (7:179)

اور ہم نے بہت سے جن اور انسان دوزخ کے لئے پیدا کئے ہیں ان کے دل ہیں لیکن ان سے سمجھتے نہیں اور ان کی آنکھیں ہیں مگر ان سے دیکھتے نہیں۔ اور ان کے کان ہیں پر ان سے سنتے نہیں۔ یہ لوگ (بالکل) جانوروں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی بھٹکے ہوئے۔ یہی وہ ہیں جو غفلت میں پڑے ہوئے ہیں (179:7)

نظر آتے نہیں بے پردہ حقائق اُن کو
آنکھ جن کی ہوئی محکومی و تقلید سے کور

ضربِ کلیم 073

Reality grows blurred to eyes whose vision
Servility and parrot ways abridge.

(Eastern Nations)

مزید حوالہ

2 البقرہ 171,20 ، 11 ھود 24 ، 7 الاعراف 198 ، 22 الحج 46

إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْأً وَأَقْوَمُ قِيلًا ﴿٦﴾ ﴿۷۳ المزمل ٦﴾

Indeed the vigil of the night is (a time) when impression is more keen and speech more certain. (73:6)

کچھ شک نہیں کہ رات کا اٹھنا دل جمعی کے لئے بہت مناسب ہے اور اس وقت ذکر بھی خوب درست ہوتا ہے (6:73)

إِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا ﴿٧﴾ ﴿۷۳ المزمل ۷﴾

Indeed you have by day a chain of business. (73:7)

دن کے وقت تو تمہیں اور بہت سے کام ہوتے ہیں (7:73)

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ﴿٨﴾ ﴿۷۳ المزمل ۸﴾

So remember the name of your Lord and devote yourself with a complete devotion-- (73:8)

تو اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرو اور ہر طرف سے بے تعلق ہو کر اسی کی طرف متوجہ ہو جاؤ (8:73)

خال خال اِس قوم میں اب تک نظر آتے ہیں وہ
کرتے ہیں اشکِ سَحر گاہی سے جو ظالم وضو

ارمغانِ حجاز 001

Amongst this people there are still to be seen a few
Who go so far as to perform their ablutions with the tears
of pre-morning hours.

(The Devil`s Conference)

مزید حوالہ

17 بنی اسرائیل 79 ، 39 الزمر 9

76 الدھر 26

ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً أَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِأَنْفُسِهِمْ ۙ وَأَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٨ الانفال ٥٣﴾

یہ اس لئے کہ جو نعمت اللہ کسی قوم کو دیا کرتا ہے جب تک وہ خود اپنے دلوں کی حالت نہ بدل ڈالیں اللہ اسے نہیں بدلا کرتا اور اس لئے کہ اللہ سنتا جانتا ہے (8:53)

That is because Allah never changes the grace He has bestowed on any people until they first change that which is in their hearts, and (that is) because Allah is Hearer, Knower. (8:53)

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر
ہر فرد ہے مِلّت کے مقدر کا ستارہ

ارمغانِ حجاز 002

Fortunes of States through individual prowess ripen
Each man one star of their ascendant:

(The advice of an old baluch to his son)

مزید حوالہ

11 ہود 6,11 ۔ 13 الرعد 11 ۔ 29 العنکبوت 6

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُمْ بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٣٠ الروم ٤١﴾

خشکی اور تری میں لوگوں کے اعمال کے سبب فساد پھیل گیا ہے
تاکہ اللہ ان کو بعض اعمال کا مزہ چکھائے عجب نہیں کہ وہ باز آجائیں (41:30)

Corruption does appear on land and sea because of (the evil) which men's hands have done, that He may make them taste a part of that which they have done, in order that they may return. (30:41)

دُنیا کو ہے پھر معرکۂ رُوح و بدن پیش
تہذیب نے پھر اپنے دِرندوں کو اُبھارا

ارمغانِ حجاز 002

In our world, where once more Civilization
Looses its wild beasts, in one more encounter Spirit and flesh meet;

(The advice of an old baluch to his son)

مزید حوالہ

6 الانعام 123

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَیْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا هَلْ يَسْتَوٗنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶ النحل ۷۵﴾

Allah coins a similitude: (on the one hand) a (mere) chattel, who has control of nothing, and (on the other hand) one on whom We have bestowed a fair provision from Us, and he spends thereof secretly and openly. Are they equal? Praise be to Allah! But most of them know not. (16:75)

اللہ ایک مثال اور بیان فرماتا ہے کہ ایک غلام ہے جو (بالکل) دوسرے کے اختیار میں ہے اور کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا اور ایک ایسا شخص ہے جس کو ہم نے اپنے ہاں سے (بہت سا) مال طیب عطا فرمایا ہے اور وہ اس میں سے (رات دن) پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتا رہتا ہے تو کیا یہ دونوں شخص برابر ہیں' (ہرگز نہیں) اللہ تعالیٰ ہی کیلئے سب تعریف ہے لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں سمجھ رکھتے (75:16)

محکوم کا دل مردہ و افسردہ و نومید
آزاد کا دل زندہ، پُرسوز و طرب ناک
آزاد کی دولت دلِ روشن، نفسِ گرم
محکوم کا سرمایہ فقط دیدۂ نم ناک

ارمغانِ حجاز 031

a slav`s heart is dead, frustrated and never sees the light of hope;
a free man`s heart is alive, full of zest and happiness.
A free man`s wealth, a shining heart and
warm breath,
that of slave, only moist eyes.

(The poetic note book of Mullazade Zaigham...)

مزید حوالہ

16النحل 76 ۔ 39 الزمر 29

وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا
وَ ذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ………………

"﴿٦ الانعام ٧٠﴾جزء"

اور جن لوگوں نے اپنے دین کو کھیل اور تماشہ بنا رکھا ہے اور دنیا کی زندگی نے ان کو
دھوکے میں ڈال رکھا ہے اور ان سے کچھ کام نہ رکھو ہاں اس (قران کے) ذریعے سے
نصیحت کرتے رہو تاکہ (قیامت کے دن) کوئی اپنے اعمال کی سزا میں
ہلاکت میں نہ ڈالا جائے ……… (70:6) جزو

And forsake those who take their religion for a pastime and a jest, and whom the life of the world beguiles. Remind (mankind) hereby lest a soul be destroyed by what it earned. ---------------------- (6:70) PART

دِین ہاتھ سے دے کر اگر آزاد ہو ملّت
ہے ایسی تجارت میں مسلماں کا خسارہ

ارمغانِ حجاز 002

To the Muslim freedom
Gained at the price of casting off religion
Makes an ill bargain!

(The advice of an old baluch to his son)

مزید حوالہ

2 البقرہ 276,275 ، 3 آل عمران 73 ، 11 ھود 16,15
، 35 فاطر 29 ، 42 الشوریٰ 20 ، 109 الکافرون 1 تا 6

هُوَ الَّذِیٓ اَنْزَلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰیٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ؕ
فَاَمَّا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ
وَابْتِغَآءَ تَاْوِیْلِهٖ ۚ وَمَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗۤ اِلَّا اللّٰهُ ؔۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ
یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَمَا یَذَّكَّرُ اِلَّاۤ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۞ ﴿۳ آل عمران ۷﴾

وہی اللہ تعالی تو ہے جس نے آپ پر کتاب نازل کی جس کی بعض آیتیں واضح اور مضبوط ہیں (اور) وہی اصل کتاب ہیں اور بعض متشابہ ہیں تو جن لوگوں کے دلوں میں (شک) ہے وہ متشابہات کے پیچھے لگ جاتے ہیں تاکہ فتنہ برپا کریں اوران کی مراد کا پتہ لگائیں حالانکہ حقیقی مراد اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا اور جو لوگ پختہ اور مضبوط علم رکھتے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم ان پر ایمان لائے۔ یہ سب ہمارے پروردگار کی طرف سے ہیں۔اور نصیحت تو عقلمند ہی قبول کرتے ہیں (7:3)

He it is Who has sent down to you (Muhammad) the Scripture wherein are verses basic or fundamental, clear (in meaning)--They are the substance (foundation) of the Book--and others (which are) allegorical. (not entirely clear). But those in whose hearts is doubt pursue, for sooth, that which is allegorical seeking (to cause) dissension by seeking to explain it. None knows its explanation except Allah. And those who are of sound knowledge say: We believe therein; the whole is from our Lord; but only men of understanding really heed (really grasp). (3:7)

ہے یہی بہتر الٰہیّات میں الجھا رہے
یہ کتابُ اللہ کی تاویلات میں الجھا رہے

ارمغانِ حجاز 001

Better that he remains busy and entangled in the metaphysical theology:
Better, that he remains busy and entangled in the interpretations of the Book of God.

(The Devil's Conference)

مزید حوالہ

2 البقرہ 176,175,173,159,79
5 المائدہ 44

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ۭ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿١٦ النحل ٧٦﴾

And Allah coins a similitude. Two men, one of them dumb, having control of nothing, and he is a burden on his owner; to whatever place he directs him to go, he brings no good. Is he equal with one who enjoins justice and follows a straight path (of conduct)? (16:76)

اور اللہ ایک مثال بیان فرماتا ہے کہ دو آدمی ہیں ایک ان میں سے گونگا (اور دوسرے کی ملکیت) ہے (بے اختیار و ناتواں) کہ کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا۔ اور اپنے مالک کے لئے بوجھ ہے وہ جہاں اسے بھیجتا ہے (خیر سے کبھی) بھلائی نہیں لاتا۔ کیا ایسا (گونگا بہرا) اور وہ شخص جو (سنتا بولتا اور) لوگوں کو انصاف کرنے کا حکم دیتا ہے اور خود سیدھے راستے پر چل رہا ہے دونوں برابر ہیں؟ (76:16)

محکوم ہیں بیگانۂ اخلاص و مرّوت
ہر چند کہ منطق کی دلیلوں میں ہے چالاک
ممکن نہیں محکوم ہو آزاد کا ہمدوش
وہ بندۂ افلاک ہے یہ خواجۂ افلاک

ارمغانِ حجاز 031

The slave lacks sincerity and generosity
though he be adept in argumentation.
and never the twine shall be qual,
the one is slave to fate, the other, master of fate.
(The Poetic Notebook of Mullazade Zaigham ......)

مزید حوالہ

16 النحل 75 ، 39 الذمر 29

وَقَوْلِهِمْ إِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيحَ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُولَ اللَّهِ ۚ وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ وَلَٰكِن شُبِّهَ لَهُمْ ۚ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِيهِ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ ۚ مَا لَهُم بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوهُ يَقِينًا ﴿٤ النساء ١٥٧﴾

اور یوں کہنے کے سبب کہ ہم نے مریم کے بیٹے عیسیٰ مسیح کو جو اللہ کے پیغمبر (کہلاتے) تھے قتل کر دیا ہے حالانکہ حقیقت میں انہوں نے عیسیٰ کو قتل نہیں کیا اور نہ انہیں سولی پر چڑھایا بلکہ معاملہ ان کے لئے مشکوک کر دیا گیا۔ اور جو لوگ ان کے بارے میں اختلاف کرتے ہیں وہ بھی دراصل شک میں پڑے ہوئے ہیں۔ ان کو اس کا مطلق علم نہیں۔ وہ محض گمان ہی کی پیروی کر رہے ہیں اور انہوں نے عیسیٰ کو یقیناً قتل نہیں کیا (157:4)

And because of their saying:(in boast) We slew the Christ Jesus son of Mary, Allah's messenger. They slew him not nor crucified, but it appeared so to them; and those who disagree concerning it are in doubt thereof; they have no certain knowledge thereof except pursuit of a conjecture ; and certainly they slew him not. (4:157)

ابنِ مریم مر گیا یا زندۂ جاوید ہے؟
ہیں صفاتِ ذاتِ حق، حق سے جُدا یا عینِ ذات؟

ارمغانِ حجاز 001

Is the Son of Mary dead or is he endowed with eternal life?
Are the Attributes of God separate from God, or do they form what He is?

(Iblis to his Councilors)

مزید حوالہ

3 آل عمران 54 ، 4 النساء 158

فَأَمَّا الْإِنسَانُ إِذَا مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ وَنَعَّمَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ

﴿ ٨٩ الفجر ١٥ ﴾

As for man, whenever his Lord tests him by honouring him, and is Gracious to him, then he says: My Lord has honoured me. (89:15)

مگر انسان (عجیب مخلوق ہے کہ) جب اس کا پروردگار اس کو آزماتا ہے تو اسے عزت دیتا ہے اور نعمت بخشتا ہے۔ تو (انسان) کہتا ہے کہ (آہا) میرے پروردگار نے مجھے عزت بخشی (15:89)

وَأَمَّا إِذَا مَا ابْتَلَاهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَهَانَنِ

﴿ ٨٩ الفجر ١٦ ﴾

But whenever He tries him (other wise) by straitening his means of life, he (despairs) and says: My Lord has despised me. (89:16)

اور جب وہ اس کو (دوسری طرح) آزماتا ہے تو اس پر روزی تنگ کر دیتا ہے تو کہتا ہے کہ (ہائے) میرے پروردگار نے مجھے ذلیل کر دیا (16:89)

تیرے دریا میں طوفاں کیوں نہیں ہے
خودی تیری مسلماں ، کیوں نہیں ہے
عبث ہے شکوہ تقدیر یزداں
تو خود تقدیرِ یزداں کیوں نہیں ہے

ارمغانِ حجاز 019

Why is there no storm in your sea?
Why is your Khudi not Muslim?
It is pointless to complain of God's decree
Why are you not God's decree?

(Tery dariya main toofan....)

مزید حوالہ

8 الانفال 53 ، 13 الرعد 11

41 حٰم السجدہ 50 ، 53 النجم 39 تا 42

وَلِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاِلَی اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۱۰۹﴾

﴿۳ آل عمران ۱۰۹﴾

اور جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ
ہی کا ہے اور سب کاموں کا رجوع (اور انجام) اللہ ہی کی
طرف ہے (109:3)

Allah holds whatsoever is in the heavens and whatsoever is in the earth; and to Allah all things are returned. (3:109)

اس سے بڑھ کر اور کیا فکر و عمل کا انقلاب
بادشاہوں کی نہیں، اللہ کی ہے یہ زمیں

ارمغانِ حجاز 001

What greater revolution in thought and action will there be:
Not to the crowned heads, but to God alone does this Earth belong!

(Ibis ke Majlis-e-Shura)

مزید حوالہ

10 یونس 55 22 الحج 64 31 لقمان 26

34 سبا 1 44 الدخان 7

وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ قَالَ رَبِّ اَرِنِیْۤ اَنْظُرْ اِلَيْكَ قَالَ لَنْ تَرٰىنِیْ وَلٰكِنِ
انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِیْ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا
وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا فَلَمَّاۤ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴۳﴾

﴿۷ الاعراف ۱۴۳﴾

And when Moses came to Our appointed tryst and his Lord addressed to him, he said: My Lord! Show me (Yourself), that I may look upon You. Allah said: You by no means can see Me, (direct) but gaze upon the mountain! If it Stands still in its place, then you will see Me. And when his Lord revealed (His) glory to the mountain He made it crushing down (dust). And Moses fell down senseless. And when he woke, he said: Glory to You! I turn to You repentant, and I am the first of (true) believers. (7:143)

اور جب موسیٰ ہمارے وقت مقررہ پر (کوہ طور) آئے اور ان کے رب نے ان سے باتیں کیں تو عرض کیا کہ اے میرے پروردگار اپنا دیدار مجھ کو کرادیجئے کہ میں آپ کو ایک نظر دیکھ سکوں۔ ارشاد ہوا کہ تم مجھ کو ہرگز نہیں دیکھ سکتے۔ لیکن تم اس پہاڑ کی طرف دیکھتے رہو۔ وہ اگر اپنی جگہ پر برقرار رہا تو تم بھی مجھے دیکھ سکو گے۔ بس جب ان کے رب نے پہاڑ پر تجلی فرمائی تو تجلی نے اس پہاڑ کے پرخچے اڑا دیئے اور موسیٰ بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ پھر جب (موسیٰ) ہوش میں آئے تو عرض کیا۔ بے شک آپ کی ذات پاک ہے میں آپ کی جناب میں توبہ کرتا ہوں اور میں سب سے پہلے آپ پر ایمان لانے والا ہوں۔ (143:7)

نہیں ہے اس زمانے کی تگ و تاز
سزاوارِ حدیثِ 'لن ترانی'

ارمغانِ حجاز 003

The hustle and the bustle of the present age does not permit one
To express oneself melodiously.

(Tasveer-o-Musawwar)

مزید حوالہ

2 البقرہ 56, 55, 52, 51

7 الاعراف 142

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾

﴿۲ البقرة ۱۶۳﴾

اور (لوگو) تمہارا معبود اللہ واحد ہے۔ اس بڑے مہربان
(اور) رحم والے کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں
(163:2)

Your God is One God; there is no god except Him, the Beneficent, the Merciful. (2:163)

جہاں کی رُوحِ رواں لا اِلٰہ اِلّا ھو،
مسیح و میخ و چلیپا، یہ ماجرا کیا ہے!

ارمغانِ حجاز 007

The moving soul of this universe is there is no god but God.
Then why the Messiah, the nails and the cross?

(Masood Merhoom)

مزید حوالہ

20 طٰہٰ 98　40 المومن 62　28 القصص-70

59 الحشر 22

مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ‌ؕ وَالَّذِيۡنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الۡكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيۡنَهُمۡ‌ تَرٰهُمۡ
رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبۡتَغُوۡنَ فَضۡلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضۡوَانًا‌ سِيۡمَاهُمۡ فِىۡ وُجُوۡهِهِمۡ
مِّنۡ اَثَرِ السُّجُوۡدِ‌ ؕ ذٰ لِكَ مَثَلُهُمۡ فِى التَّوۡرٰٮةِ ۖ وَمَثَلُهُمۡ فِى الۡاِنۡجِيۡلِ ۛۚ ......

﴿٤٨ الفتح ٢٩﴾ جزء"

محمدؐ اللہ کے پیغمبر ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کافروں کے حق میں تو سخت ہیں اور آپس میں رحم دل (اے دیکھنے والے) تو ان کو دیکھتا ہے کہ (اللہ کے آگے) جھکے ہوئے سربسجود ہیں اور اللہ کا فضل اور اس کی خوشنودی طلب کر رہے ہیں (کثرت) سجود کے اثر سے ان کی پیشانیوں پر نشان پڑے ہوئے ہیں ان کے یہی اوصاف تورات میں (مرقوم) ہیں۔ اور یہی اوصاف انجیل میں ہیں۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ -(29:48) جزو

Muhammad is the messenger of Allah. And those with him are hard against the disbelievers and merciful among themselves. You (O Muhammad) see them bowing and falling prostrate (in worship), seeking bounty from Allah and (His) acceptance. The mark of them is on their foreheads from the traces of prostration. Such is their likeness in the Torah and their likeness in the Gospel--------------- (48:29) PART

حفاظت پھول کی ممکن نہیں ہے
اگر کانٹے میں ہو خوئے حریری!

ارمغانِ حجاز 017

A flower cannot be guarded
If the thorn has the nature of silk.
(Quatrains)

مزید حوالہ

33 الاحزاب 33

فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ ﴿۷۷﴾ ﴿٦ الانعام ٧٧﴾

پھر جب چاند کو دیکھا کہ چمک رہا ہے تو کہنے لگے یہ میرا پروردگار ہے۔
لیکن جب وہ بھی چھپ گیا تو بول اٹھے کہ اگر میرا پروردگار مجھے سیدھا راستہ نہیں دکھائے گا
تو میں ان لوگوں میں ہو جاؤں گا جو بھٹک رہے ہیں (77:6)

And when he saw the Moon rising in splendour, he exclaimed: This is my lord. But when it set, he said: Unless my Lord guides me, I surely shall become one of the folk who are astray. (6:77)

خِرد دیکھے اگر دل کی نِگہ سے
جہاں روشن ہے نورِ لا الٰہ سے
فقط یک گردشِ شام و سحر ہے
اگر دیکھیں فروغِ مہر و مہ سے

ارمغانِ حجاز 020

If with the heart's eye the intellect would see aright
This universe is illuminated with Allah's light.
But if you see through the waxing sun and moon,
It is just the revolution of morn and night.

(Quatrains)

مزید حوالہ

6 الانعام 78,76,75 ، 10 یونس 5 ، 13 الرعد 2
16 النحل 12 ، 31 لقمان 29

الَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ۭ قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ ﴿٣ آل عمران ١٦٨﴾

یہ وہی لوگ ہیں جو خود تو (جنگ سے بچ کر) بیٹھ ہی رہے تھے کہ مگر ان کے جو بھائی جنہوں نے راہ اللہ میں جانیں قربان کر دیں ان کے بارے میں بھی کہتے ہیں کہ اگر ہمارا کہا مانتے تو قتل نہ ہوتے کہہ دیجئے کہ اگر تم اپنے اس قول میں سچے ہو تو خود تمہاری موت جب آئے تو اسے ٹال کر دکھا دینا (168:3)

Those who, while they sat at home, said of their brethren (who were fighting for the cause of Allah): If they had listened to us they would not have been slained. Say (to them, O Muhammad): Then avert death from yourselves if you are truthful. (3:168)

خودی ہے زندہ تو ہے موت اک مقامِ حیات
کہ عشق موت سے کرتا ہے امتحانِ ثبات!

ارمغانِ حجاز 007

If the self lives, death is but
A sojourn in life: as love
Tries death in a test of eternal life.
(The late Masud)

مزید حوالہ

4النساء 73,75 ۔ 9التوبہ 25 ۔ 22الحج 39

وَجَآءُوْ عَلٰی قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ؕ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾

﴿۱۲ یوسف ۱۸﴾

اور وہ یوسف کے کرتے پر جھوٹ موٹ کا لہو بھی لگا لائے تھے یعقوب نے کہا (حقیقت میں یوں نہیں ہے) بلکہ تم اپنے دل سے (یہ) بات بنا لائے ہو اچھا میں صبر کروں گا کہ میرے لئے وہی بہتر ہے اور جو بات تم بنا رہے ہو اس کے بارے میں اللہ ہی سے مدد مطلوب ہے (18:12)

And they came with false blood on his shirt. He said: No, but your minds have concocted a tale. (For me) Patience is most fitting, against that which you assert. And only Allah is the alone Whose help can be sought. (12:18)

خبر، عقل و خِرد کی ناتوانی
نظر، دل کی حیاتِ جاودانی

ارمغانِ حجاز 003.

What aught is report but the impotence of ratiocination and wisdom?
Vision is the eternal springtide of life.

(Portrait)

مزید حوالہ

12 یوسف 83,82,81,17

---------وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ
يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ۗ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۗ فَمَالِ هٰٓؤُلَاۗءِ الْقَوْمِ
لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ﴿٧٨﴾ ﴿٤ النساء ٧٨﴾ جزء"

------------Yet if something fine happens to them they say: This is from Allah; and if an evil thing befalls them they say: This is of your doing (O Muhammad). Say (to them): All is from Allah. What is wrong with these people that they fail to understand a single fact. (4:78) PART

---------اور ان لوگوں کو اگر کوئی فائدہ پہنچتا ہے تو کہتے ہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے اور اگر کوئی نقصان پہنچتا ہے تو (اے محمد ﷺ آپ سے) کہتے ہیں کہ یہ نقصان آپکی وجہ سے (ہمیں پہنچا) ہے کہہ دیجئے کہ (رنج وراحت) سب اللہ ہی کی طرف سے ہے ان لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ بات بھی نہیں سمجھ سکتے (78:4) جزو

خبر نہیں کیا ہے نام اس کا ، خدا فریبی کہ خود فریبی
عمل سے فارغ ہوا مسلماں، بنا کے تقدیر کا بہانہ

ارمغانِ حجاز 036

I can't see what it is: is it self deception of deception of God? Having invented the excuse of fate, the Muslim has ceased to act meaningfully.

(Zameer-e-Maghrib hai tajrana ....)

مزید حوالہ

13 الرعد 39 ، 89 الفجر 16,15 ، 41 حم السجدہ 50

إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَىٰ مِن بَعْدِ مَا بَيَّنَّاهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتَابِ ۙ أُولَٰئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللَّهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللَّاعِنُونَ ﴿١٥٩﴾
﴿٢ البقرة ١٥٩﴾

جو لوگ ہمارے حکموں اور ہدایتوں کو جو ہم نے نازل کی ہیں (کسی غرض فاسد سے) چھپاتے ہیں باوجود یہ کہ ہم نے ان لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے اپنی کتاب میں کھول کھول کر بیان کر دیا ہے ایسوں پر اللہ اور تمام لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں (159:2)

Those who conceal the clear signs and the guidance, which We revealed, after We had made it clear in the Scripture: Such are accursed of Allah and accursed of those who have the power to curse. (2:159)

باقی نہ رہی تیری وہ آئینہ ضمیری
اے کشتۂ سلطانی و ملاّئی و پیری

ارمغانِ حجاز 008

Not a bit remains in you of your clear reflection of conscience!
Alas! O you victim of imperialism, of mullahism and mysticism!

(Aawaze Ghaib)

مزید حوالہ

2البقرہ 79,174,175

قُلْنَا اهْبِطُوا مِنْهَا جَمِيعًا فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُم مِّنِّي هُدًى فَمَن تَبِعَ هُدَايَ
فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٢ البقرة ٣٨﴾

ہم نے فرمایا کہ تم سب یہاں (بہشت) سے چلے جاؤ جب کبھی تمہارے پاس میری ہدایت
پہنچے تو (اس کی پیروی کرنا کہ) جنھوں نے میری تابعداری کی ان کو نہ کچھ خوف ہوگا
اور نہ وہ غم زدہ ہوں گے (38:2)

We said: Go down, all of you, from here; but there comes to you from Me a guidance; and whoso follows My guidance, there shall no fear come upon them neither shall they grieve. (2:38)

فلک کو کیا خبر یہ خاکداں کس کا نشیمن ہے
غرض انجم سے ہے کس کے شبستان کی نگہبانی

ارمغانِ حجاز 043

What would the sky know whose abode is this earthy planet;
On whose nightly banquets do the stars stand in watch!

(The human being)

مزید حوالہ

6 الانعام 97 ، 10 یونس 67,5 ، 16 النحل 12
36 یٰس 39 ، 37 الصافات 6 ، 40 المومن (غافر) 61

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ﴿۱۳ الرعد ۱۱﴾

اس کے آگے اور پیچھے اللہ کے پہرے دار ہیں جو اللہ کے حکم سے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ اللہ اس (نعمت) کو جو کسی قوم کو (حاصل) ہے نہیں بدلتا جب تک کہ وہ اپنی حالت کو نہ بدلے۔ اور جب اللہ کسی قوم کی سزا کا ارادہ کرتا ہے تو پھر وہ پھر نہیں سکتی۔ اور اللہ کے سوا ان کا کوئی مددگار نہیں ہوتا (11:13)

For him are angels ranged before him and behind him who guard him by Allah's command. Allah changes not the condition of a folk until they (first) change that which is in their hearts; and if Allah wills misfortune for a folk there is none that can repel it, nor have they a defender besides Him. (13:11)

نشاں یہی ہے زمانے میں زندہ قوموں کا
کہ صبح و شام بدلتی ہیں ان کی تقدیریں

ارمغانِ حجاز 034

It is the sign of living nations
their fate changes day and night; s

(The poetic note book of Mullazade Zaigham...)

مزید حوالہ

6 الانعام 129 ، 8 الانفال 53 ، 9 التوبہ 70

30 الروم 41 ۔ 13 الرعد 11

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۭ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٩٩﴾

﴿٦ الانعام ٩٩﴾

اور وہی تو ہے جو آسمان سے بارش برساتا ہے۔ ہم ہی (جو بارش نازل کرتے ہیں) اس سے ہر طرح کی نباتات اگاتے ہیں۔ پھر اس میں سبز سبز کونپلیں نکالتے ہیں اور ان کونپلوں میں سے ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے دانے نکالتے ہیں۔ اور کھجور کے گابھے میں سے لٹکتے ہوئے گچھے اور انگوروں کے باغ اور زیتون اور انار جو ایک دوسرے سے ملتے جلتے بھی ہیں اور نہیں بھی ملتے۔ یہ چیزیں جب پھلتی ہیں تو ان کے پھلوں پر اور (جب پکتی ہیں تو) ان کے پکنے پر نظر کرو۔ ان میں ان لوگوں کے لئے جو ایمان لاتے ہیں (اللہ کی قدرت کی بہت سی) نشانیاں ہیں (99:6)

He it is Who showers water from the sky, and therewith We bring forth buds of every kind; We bring forth the green vegetation from which We bring forth the thick clustered grain; and from the date palm, from the pollen thereof, spring pendant bunches; and (We bring forth) gardens of grapes, and the olive and the pomegranate, alike and unlike. Look upon the fruit thereof, when they bear fruit, and upon its ripening. In fact herein are portents for people who

---

یہ دُنیا دعوت ِ دیدار ہے فرزند آدم کو
کہ ہر مستور کو بخشا گیا ہے ذوقِ عریانی

ارمغانِ حجاز 043

This world is an invitation for the human being to look,
For every secret is given an instinct to jump out of its closet.

(The human being)

مزید حوالہ

16النحل 11 ۔ 6الانعام 141 ۔ 13الرعد 4 ۔ 26الواقعہ 22

وَمَنْ أَعْرَضَ عَن ذِكْرِي فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنكًا وَنَحْشُرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْمَىٰ ﴿١٢٤﴾ ﴿۲۰ طه ۱۲۴﴾

اور جو میری یاد سے منہ پھیرے گا اس کی زندگی تنگ ہو جائے گی اور قیامت کے روز ہم اسے اندھا کر کے اٹھائیں گے (124:20)

But he who turns away from remembrance of Me, his will be a narrow life, and We shall raise him blind to the assembly on the Day of Resurrection. (20:124)

مرے دیدار کی ہے اک یہی شرط
کہ تو پنہاں نہ ہو اپنی نظر سے

ارمغانِ حجاز 003

I only put one condition if thou wishest to see Me:
Never disappear from thine own sight.

(The Painter)

مزید حوالہ

6الانعام 30,31 - 19الکہف 48,49 - 20طٰہٰ 125,126

وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَ النِّسَآءِ وَ
الْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ
لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿٤ النساء ٧٥﴾

اور تم کو کیا ہوا کہ اللہ کی راہ میں اور ان بے بس مردوں اور عورتوں اور بچوں کی خاطر جہاد نہیں کرتے جو دعائیں کیا کرتے ہیں کہ اے پروردگار ان ظالموں (کے گاؤں) سے ہمیں نجات دے اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا حامی بنا اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا مددگار مقرر فرما (75:4)

Why should you not fight for the cause of Allah and of the feeble among men and of the women and the children who are crying: Our Lord! Rescue us from this town of which the people are oppressors! Oh, Raise for us from Your Presence some protecting friend! Oh, give us from Your Presence some defender! (4:75)

گرم ہو جاتا ہے جب محکوم قوموں کا لہو
تھرتھراتا ہے جہانِ چار سُوے و رنگ و بو

ارمغانِ حجاز 025

When the enslaved people's rage boils and they rise in revolt against the master,
this world of near and far, of colour and smell, becomes the scene of tremors and convulsions.

(The poetic note book of Mullazade Zaigham...)

مزید حوالہ

4النساء 76,90,91 ـ 9التوبہ 111 ـ 16النحل 126

اشاریہ مضامین (انڈکس)

کلام اقبال میں عکس قرآن

خ

[illegible]

ذ

ر

ز

س

ن

و

ہ

ی

کتابیات

کلامِ اقبالؒ

۱۔ کلیاتِ اقبالؒ (اردو)

۲۔ نقوشِ اقبالؒ : مولانا سید ابوالحسن ندوی

۳۔ اقبالؒ اور قرآن: ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں

۴۔ علامہ اقبالؒ اور ہم : ڈاکٹر اسرار احمد

۵۔ شعروفکرِ اقبالؒ : ڈاکٹر اسلم انصاری

۶۔ مجالسِ اقبالؒ : جعفر بلوچ

۷۔ اقبالؒ روحِ دین کا شناسا: سید علی گیلانی

۸۔ اقبالؒ کا پیغام امتِ مسلمہ کے نام : قاضی حسین احمد

۹۔ فرہنگ اقبالؒ : نسیم امروہی

قرآن کریم

۱۔ قرآن مجید : مولانا فتح محمد جالندھری

۲۔ قرآن کریم : مولانا جوناگڑھی

۳۔ بیان القرآن: مولانا اشرف علی تھانوی

۴۔ معارف القرآن: مولانا مفتی محمد شفیع

۵۔ تفسیر ماجدی :مولانا عبدالماجد دریا آبادی

۶۔ ضیاء القرآن : پیر محمد کرم شاہ

۷۔ تفہیم القرآن : مولانا ابوالاعلیٰ مودودی

۸۔ قرآن عظیم : مولانا احمد رضا خاں

۹۔ منشورِ قرآن : عبدالحکیم ملک

۱۰۔ اٹلس سیرت طیبہ رسول اعظمؐ۔ عبدالحکیم ملک

۱۱۔ اٹلس انبیاء ورسلؑ

(حضرت آدمؑ سے حضرت عیسیٰؑ) عبدالحکیم ملک

Biblography

IQBAL POETRY

10- Poems from Iqbal - VG Kiernan- Iqbal Academy - Oxford University Press 1955

11- Iqbal Rhymed Transtlation - Khawaja Tariq Mehmood - Feeroz Sons - 2005

12- Iqbaliat - M. Yaqub Mirza - Iqbal Academy - 1991

13- Iqbal`s Phylosophy or Religion Dr. Mahruf - Islamic Book Service - 1977

14- Dimensions of Iqbal - Prof. Muhammad Manawar - Iqbal Academy - 1986

15- Iqbal the Great Poet of Islam - Sh. Abdul Qadir - Sange Meel Publications - 1987

HOLY QURAN

12- The Holy Quran - Muammad Marma Duke Pickthal

13- The Holy Quran - Allama Abdullah Yousaf Ali

14- The Massage of Quran Dr. Muhammad Asad (Leapold Weiss)

15- The Noble Quran Dr. Thomas B. Irving (Taleem Ali)

16- The Holy Quran - Hafiz Ghulam Sarwar(Chief Justice)

17- Quranic Prism - A. Hakeem Malik

18- Atlas-Noble Life Great Prophet (SAAS) by Abdul Hakeem Malik

19- Atlas- Holly Prophets (Adam to Jesus (PBHT) by Abdul Hakeem Malik

اظہار تشکر

سب سے پہلے بندہ عاجز نہایت انکساری سے اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ شکر بجالاتا ہے جس نے محض اپنے فضل و کرم سے اس کتاب کی تیاری کی مجھے توفیق بخشی اور دست بدعا ہوں کہ ذات ذوالجلال میری اس کاوش کو شرف قبولیت بخشے۔

اس عظیم کام کو موجودہ شکل تک لانے میں بہت سے اصحاب علم و دانش اور احباب نے حتی المقدور تعاون فرمایا جن سب کا ذکر یہاں ممکن نہیں بقول کسے ''حساب دوستاں دردل'' میں ان سب اصحاب کا صمیم قلب سے شکر گزار ہوں جنہوں نے وقتاً فوقتاً اپنے گراں قدر مشوروں سے نوازا' میری ہمت افزائی کی اور مسودہ کی پروف ریڈنگ کے مشکل مرحلہ میں مدد فرمائی، میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب کو اس کار خیر میں پُر خلوص معاونت کا بہتر اجر عطا فرمائے اور اپنی رحمتوں سے نوازے۔

میں ان تمام ملکی اور غیر ملکی اداروں سے وابستہ شخصیات کا ممنون ہوں جنہوں نے الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے ذریعہ میری تالیفات و تصنیفات کو بین الاقوامی سطح پر متعارف کرانے میں مدد فرمائی اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر سے نوازے۔

میں ''اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن گلوبل'' کی تمام کمپیوٹر ٹیم کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے اپنی فنی مہارت' ذوق طباعت اور احساس جمال کو بروئے کار لاتے ہوئے خلوص نیت اور شبانہ روز محنت سے اس اٹلس کو بصری حسن سے نوازا اور اشاعت کی منزل تک پہنچایا اللہ تعالیٰ ان سب کی سعی کو مقبول فرما کر ان کے علم اور عمل میں برکت عطا فرمائے آمین۔

مصنف

Acknowledgment

The appreciation and popularity that won in almost all the schools of thoughts by my first compilation (Qur'anic Prism) is indeed a blessing from Allah (SWT) for which I find myself unable to render gratitude. As a matter of fact the acknowledgment this work secured from the people is not a result of my endeavors, rather a reward earned through the auspiciousness and magnificence of HOLY QURAN.

I bow down, in adoration, before Allah (SWT) in gratitude that He got this service with His Grace and Mercy, from me, and then raise my hands to beseech that the Lord of Mighty and Glory, may Bless this work with acceptance.

During this research work that continued for about a decade, a good many men of knowledge and wisdom have lent their heartily cooperation in turning the desire of this noble work into the present shape. It is not possible to mention them all in this limited space, because as a Persian saying goes "حساب دوستاں' در دل" "friends have their accounts in the hearts. The complex task of preparation of this Book involved many ideas from different sources; I feel indebted to those all whose ideas have been adopted or included in this Atlas. I would like to thank all those who helped to accomplish this endeavor, I pray Allah (SWT) to accept all our efforts as sincere deed done solely for His pleasure for it is He alone whose reward is of any real significance.

My special thanks are due to all members of IRF Global computer Lab team, who persisted in a process that may at times have seemed endless. I wish to thank all those who made this work possible and who praiseworthy efforts cannot be adequately rewarded save by Allah's handsome reward in this life and the Hereafter.

My deep gratitude is merited, by all personalities of prestigious National and International news, electronic and print media, who focused the aims and objectives of IRF Global and highlighted its scholastic achievements through their channels and periodicals.

I invoke to Allah SWT that this work may prove a device of salvation for all those who have contributed in any manner till its Publication.

مصنف کے بارے میں

جنوبی پنجاب کے ضلع مظفر گڑھ میں 1945 میں پیدا ہونے والے ملک عبدالحکیم جو ایک مستند پیشہ ور انجینئر ہیں وہ دو ممتاز اداروں، انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرز پاکستان کے کارپوریٹ ممبر اور انسٹی ٹیوشن آف الیکٹریکل ایک الیکٹرانکس انجینئرز کے ایسوسی ایٹ ممبر ہیں۔ اپنی پیشہ وارانہ تعلیم کے علاوہ علمی پس منظر میں جامعہ پنجاب سے ایم اے، ایل ایل بی کی اسناد بھی رکھتے ہیں۔ انہوں نے پانی اور بجلی کے ترقیاتی ادارہ (واپڈا) اور محکمہ آبپاشی صوبہ پنجاب کے علاوہ وزارت مواصلات و تعمیرات پنجاب کے تحت پراونشل ہائی ویز اور بلڈنگز میں خدمات سرانجام دیں اور ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد بطور ایڈووکیٹ ہائیکورٹ بھی کام کرتے رہے۔

انہیں 1970ء کے عشرہ کے دوران مملکت سعودی عرب میں پیشہ وارانہ خدمات کے سلسلہ میں ایک عرصہ قیام کا موقع ملا اور اسی دوران انہیں ''حرمین شریفین'' کی متعدد بار حاضری کی سعادت نصیب ہوئی اور اس سرزمین پاک کی ایمان افروز فضاؤں کی برکت سے ان کے روحانی اور تحقیقی سفر کا آغاز ہوا اور انہوں نے وطن واپسی پر ''اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن'' کی بنیاد رکھی۔ دین سے گہری رغبت کی بنا پر وہ ایک خادم دین کی حیثیت سے ریاستہائے متحدہ امریکہ، برطانیہ، فرانس، ناروے، سویڈن، متحدہ عرب امارات اور سعودی عرب کے علاوہ کینیڈا کے طول و عرض کی مسافرت کا تجربہ رکھتے ہیں۔

2008ء سے انہوں نے کینیڈا کے صوبہ برٹس کولمبیا میں ہجرت اختیار کر لی جہاں وہ ''اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن گلوبل'' (جو تعلیمات اسلام کی ترویج، انسانی اقدار کی سربلندی، مذہبی رواداری اور عالم امن کے فروغ کے لئے سرگرم عمل ایک غیر سرکاری فلاحی ادارہ ہے) کے منتظم اعلیٰ ہیں۔ انہوں نے اپنی زندگی کو تعلیمی اور فلاحی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ تحقیق، تالیف و تصنیف کے لئے وقف کیا ہوا ہے۔ جس کے باعث انہیں اکثر و بیشتر اندرون ملک اور بیرون ممالک مذہبی اور سماجی، فلاحی، سرکاری اور غیر سرکاری اداروں اور الیکٹرانک میڈیا کی طرف سے لیکچرز کے لئے مدعو کیا جاتا ہے۔

ملک عبدالحکیم اپنے قلبی لگاؤ، علمی ریاضت اور اخذ و استفادہ کی صلاحیت کے باعث متعدد کتب کے مولف و مصنف ہیں۔ ان کی زندگی کے طویل عرصہ پر محیط تحقیقی کاوش ''منشور قرآن'' 1990ء کے عشرہ میں منظر عام پر آئی جسے دنیا بھر کے مسلم و غیر مسلم اصحاب علم و دانش، مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام نے ''تحقیق و تبویب قرآن'' پر ایک شہرہ آفاق دستاویز قرار دیا۔

حال ہی میں ان کی ایک تخلیقی کاوش ''اٹلس (انبیاء ورسلؑ) حضرت آدمؑ سے حضرت عیسیٰؑ تک'' اور ''اٹلس رسول اعظم محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ'' شائع ہوئی جو مصنف کے فنی، فکری اور تاریخی مطالعے کا نچوڑ اور احساس جمال کا نمونہ ہے۔ جس میں رسول مصطفیٰ ﷺ اور انبیاء کرامؑ کے حالات و واقعات کو قوس قزاح کی طرح پیش کیا ہے اور سے جیسے دنیا بھر کے ارباب ذوق نے نہایت پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا ہے۔

ان کی تازہ ترین تصنیف ''کلامِ اقبال میں عکسِ قرآن'' آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ جو مصنف کی علامہ محمد اقبالؒ سے عقیدت اور قلبی محبت و عقیدت کا شاہکار اور اللہ کے کلام ''قرآن پاک'' پڑھنے والوں کے لئے ایمان افروز مرقع ہے

About Abdul Hakeem Malik

The Compiler

Abdul Hakeem Malik, born at Muzaffargarh, South Punjab, in 1945, a Qualified Engineer by Profession, Registered with Pakistan Engineering Council and Corporate Member of Institute of Engineers. Besides he did his Master's Degree and Law Graduation from University of the Punjab. During his career he worked with WAPDA, Punjab Irrigation & Power Deptt: and then joined Communication & Works Punjab in Provincial Highways n Buildings . After attaining Superannuation he started practicing as Legal Consultant of the High Court. He migrated to Canada in 2008 and started living in Vancouver, BC (British Columbia)

He had an opportunity to stay for a fairly long time during 1970's in the land of Holy Sanctuaries (Harmain Sharifain) where he devoted himself to the study of Holy Qur'an and reflected whole heartedly in the wisdom enshrined in the Divine Book. In enlightening and faith strengthening environment he was induced with spiritual and research intellect and consequently he founded "Islamic Research Foundation"

Widely traveled through USA, UK, France, Norway, Sweden, Belgium, Lexumburg, Germany, Switzerland, Italy and Canada as a devotee of Islam he is presently Managing Director, Islamic Research Foundation Global. (A Non-Government Organization Devoted to, Educational and Social Welfare Activities.) Incorporated in Canada.

More often he is invited for the Lectures in Educational Institutions, Government Functionaries, Public Forums, Ethnic and Welfare Organizations, Electronic and Print Media in homeland and by the Muslim Societies abroad.

He is a writer and compiler of many books which are the specimen of his insight devout spirit and sincerity, "His earlier published research work titled QURANIC PRISM – MANSHOOR E QURAN" is Globally acclaimed as the most readable account of SUBJECT INDEX OF HOLY QURAN to date." the 7th Edition of which has since been published.

Among his recent past research works are thr "ATLAS- Great Prophet Muhammad Mustafa (SAAS) renders a concise and authentic account of the Noble Life of our Holy Prophet (SAAS) and a lavishly illustrated research titled "ATLAS-Holy Prophets "from Adam (pbuh) to Jesus (PBUT)" portray the cutting edge in the series of publications on the subject. Both the ATLASES are a treasure for novice and experienced user alike.

His latest research under title "Quranic reflections in Iqbal's poetry, is in your hands. Which has been unprecedented appreciated by the readers from all the communities.

In short by the Grace of Allah SWT his all research works since published have proved unique to be shared and read by the readers from all walks of life and communities living in the different corners of the World.

اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن گلوبل

[illegible] (S55699

تعلیمی اور فلاحی سرگرمیوں کے لئے وقف ایک غیر سرکاری ادارہ

اغراض و مقاصد

- ★ اسلامی فکر کی اشاعت اور متوازن نقطہ نظر کی ترویج
- ★ جہالت اور نسلی امتیاز کے خاتمہ کے لئے اقدام
- ★ ہم خیال نظریاتی اداروں سے تعاون
- ★ قرآن فہمی کو آسان تر بنانے کی کاوشیں
- ★ انسانی بنیادی حقوق کی سربلندی
- ★ مطالعہ کیلئے سمعی وبصری سہولتوں سے آراستہ لائبریری
- ★ انسانوں میں برداشت باہمی رواداری کا فروغ
- ★ بین المذہبی مکالمہ کا فروغ
- ★ دیگر ادیان کے تقابلی جائزہ کا رجحان بڑھانا

اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن گلوبل

26- ویسٹرن فورٹ کالونی ملتان کینٹ پوسٹ کوڈ 60050 (پنجاب) پاکستان

16034_99B ایونیو۔سرے (بی سی) برٹش کولمبیا V4N-2J6 کینیڈا

DISC[illegible]

Islamic Research Foundation Global is not a Chamber [illegible] Organization or Society involved in any type of Sect[illegible] Among the Multi-Cultural & Multi-Lingual Communities [illegible] world.

اندرون ملک رابطہ برائے حصول مطبوعات "اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن گلوبل" دیکھیے صفحہ نمبر 527

علاوہ ازیں اپنے شہر کے معروف بک سٹور سے دریافت کریں بصورت دیگر "اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن گلوبل" سے بذریعہ ڈاک، فون، ای میل براہ راست رابطہ فرمائیں

OBJECTIVES

ASPIRING Balanced Views and Tolerance amongst Religious Communities, for Universal Brotherhood,

PROMOTING Human Rights and Social Justice.

WORKING Against Illiteracy and Gender Biases.

PRODUCING Standardized Literature on Islamic Teachings for better understanding of Islam at Multi Cultural and Multilingual Forums.

FACILITATING Young Generation (specially Non Arabic and Urdu Knowing) in understanding of Islamic Teachings in Contemporary Disciplines.

PROMOTING Inter - Religious Dialogues.

MAINTAINING Specialized Audio - Visual Library

ORGANIZING Programs Lectures, Group Discussions "Around the World" for easy access to Qur'anic Teaching.

COORDINATING With Institutions of Inland & Abroad having Similar Objectives.

DISCLAIMER

Islamic ... any other Ethnic Organization ... evoking Hatred Among ... over the World.

... GLOBAL
26-Westren Fort Colony, Multan Cantt 60050. Punjab - Pakistan
16034 99B Ave, Surrey,BC V4N 2J6 Canada
Cell: +92-321-686-2303 +92-300-963-0882
Email: irfg@live.com info.irfg@gmail.com
Website: http://www.irfglobal.com

Consult Page 528

اندرون ملک رابطہ برائے حصول مطبوعات "اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن گلوبل"

لاہور

فیروز سنز لمٹیڈ
60 - مال روڈ، لاہور
فون: 111-626262
042-6301196

ادارہ اسلامیات
190-انارکلی-لاہور
فون 042-7353255
0300-8470299

منشورات
منصورہ ملتان روڈ لاہور
فون: 042-5425356

مکتبہ سید احمد شہید
10 الکرم مارکیٹ اردو بازار لاہور
فون: 042-372-28272

ملتان

مکتبہ قاسمیہ
چوک گھنٹہ گھر کچہری روڈ۔ملتان
فون: 061-4542085

کتاب نگر
بالمقابل ریڈیو پاکستان۔ملتان کینٹ
فون: 061-4510444

کاروان بک سنٹر
شاپنگ سنٹر، ملتان کینٹ
فون: 061-4544714

پشاور

یونیورسٹی بک ایجنسی
خیبر بازار۔ پشاور
فون 091-212534

کراچی

بیت القران
اردو بازار کراچی 74200
فون: 021-2630744

دارالاشاعت
اردو بازار کراچی
فون: 021-2213768
021-2631861

عباسی کتب خانہ
جونا مارکیٹ.کراچی 74000
فون: 021-7526456

ادارۃ الانور
شاپ 2 پلاٹ 672/4.جی آر ای
انور منشن-بنوری ٹاؤن-کراچی
فون: 021-4914596
0300-2573575

لاڑکانہ

بک ورلڈ
غالب نگر، باغ ذوالفقار روڈ، لاڑکانہ
فون: 0333-754-8804

کوئٹہ

مکتبہ رشیدیہ
سرکی روڈ کوئٹہ
فون: 081-2662263

بک لینڈ
ایم اے جناح روڈ کوئٹہ
فون: 081-824295

اسلام آباد/راولپنڈی

مسٹر بکس
10-D سپر مارکیٹ
اسلام آباد
فون: 051-2278845

احمد کارپوریشن
عالم بزنس سنٹر، اقبال روڈ، راولپنڈی
فون: 051-555-8320

سیالکوٹ

حفیظ بک ایجنسی
اقبال روڈ کشمیری محلہ
نزد جاوید منزل سیالکوٹ
فون: 052-459-4495

فیصل آباد

مکتبہ اسلامیہ
بیرون امین پورہ،
بیسمنٹ Sumit بنک
کوتوالی روڈ، فیصل آباد
فون 0321-6607308
041-2631204

اٹک

ادارہ فکر قرآن، فیضیاب فاؤنڈیشن
D-114 صرافہ مارکیٹ، اٹک
فون: 0322-949-5965

بہاولپور و رحیم یارخان

راشد انور، ڈالر سٹیشنری ڈسٹری بیوٹرز
سہیل مارکیٹ گلی نمبر 3 رحیم یارخان
0300-8674220

میڈیا کوارڈینیٹر
ناصر محمود شیخ
نیم ایکسپریس میڈیا سیل
17-مہربان کالونی ایم ڈی اے چوک ملتان +92-61-451-5393
+92-302-863-4757
nmsmux@gmail.com

اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن گلوبل

26- ویسٹرن فورٹ کالونی ملتان کینٹ پوسٹ کوڈ 60050 (پنجاب) پاکستان

Cellular : +92-321-686-2303 +92-300-963-0882

Website: http://www.irfglobal.com E mail : irfg@live.com info.irfg@gmail.com











تھا ضبط بہت مشکل اس سیلِ معانی کا
کہہ ڈالے قلندر نے اسرار کتاب آخر

ISLAMIC RESEARCH FOUNDATION GLOBAL
IRF GLOBAL
http://www.irfglobal.com
e-mail : irfg@live.com